صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سید وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد 25 | شمارہ: 47 | 17 تا 23 نومبر 2025ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

پاکستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کا حکم، افغان تاجروں کو تین ماہ کی مہلت دے دی گئی

پاکستان افغانستان کے ساتھ تجارتی راستے دوبارہ کھولنا چاہتا ہے تو اسے ضمانت دینی ہوگی کہ یہ راستے آئندہ کسی بھی صورت میں بند نہیں کیے جائیں گے، ملا برادرز

افغانستان کی جانب سے آمدورفت میں کمی آتی ہے تو اس سے پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات میں بھی کمی آئے گی، کیونکہ اکثر دہشت گردی تجارت یا آمدورفت کے بہانے پھیلائی جاتی ہے، خواجہ آصف

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان میں طالبان حکومت نے پاکستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کا حکم دے دیا ہے اور تاجروں کو متبادل مارکیٹیں تلاش کرنے کے لیے تین ماہ کی مہلت دی ہے۔ دوسری جانب بھارت سمیت دوسرے ممالک سے تجارت بڑھانے کے لیے ایران کی چابہار بندرگاہ کا استعمال بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق افغانستان کے نائب وزیراعظم برائے اقتصادی امور مولوی عبدالغنی برادر نے افغان صنعتکاروں اور تاجروں سے کہا ہے کہ وہ پاکستان کے بجائے دیگر ممالک سے تجارت کے راستے تلاش کریں اور اگر کوئی تاجر اس پر عمل درآمد نہیں کرتا تو پھر افغان حکومت اس کی کوئی مدد نہیں کر سکے گی۔ یہ اعلان انہوں نے افغانستان میں ایک کانفرنس سے خطاب میں کیا ہے۔ افغان حکومت نے یہ فیصلہ ایک ایسے وقت میں کیا ہے جب دونوں ممالک کے درمیان حالات انتہائی کشیدہ ہیں۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

کسٹمز کی کراچی میں بڑی کارروائی، دو کروڑ روپے سے زائد کا چائنیز نمک برآمد

اے ون گودام پر چھاپہ مارا گیا، افسران نے شیڈ نمبر 9 کا معائنہ کیا، جو میسرز یونائیٹڈ ٹریڈرز کے زیر انتظام تھا

متعدد بیگز پر سٹرک ایسڈ کے لیبل لگے ہوئے تھے، تاہم ابتدائی جانچ سے معلوم ہوا کہ زیادہ تر بیگز میں چائنیز سالٹ موجود تھا

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان کسٹمز نے ولیکا چورنگی کے قریب کارروائی کے دوران غلط بیانی پر مبنی کنسائنمنٹ ضبط کرتے ہوئے 2 کروڑ 5 لاکھ مالیت کا 20 ہزار کلوگرام چائنیز سالٹ (اجینوموتو) ضبط کرلیا۔ ایف بی آر کے مطابق کسٹمز اینٹی اسمگلنگ آرگنائزیشن نے اطلاعات موصول ہونے پر اے ون گودام پر چھاپہ مارا گیا۔ افسران نے شیڈ نمبر 9 کا معائنہ کیا، جو میسرز یونائیٹڈ ٹریڈرز کے زیر انتظام تھا۔ متعدد بیگز پر سٹرک ایسڈ کے لیبل لگے ہوئے تھے، تاہم ابتدائی جانچ سے معلوم ہوا کہ زیادہ تر بیگز میں اصل میں چائنیز سالٹ موجود تھا، جس کی پہچان اس کی خوشبو اور ساخت سے ہوئی، جبکہ باقی بیگز میں اصلی سٹرک ایسڈ تھا۔ کسٹڈین نے گڈز ڈیکلریشن پیش کیا، جس میں پوری شپمنٹ کو ایران سے درآمد شدہ سٹرک ایسڈ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

نور خان ایئربیس پر صدر مملکت آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف اردن کے شاہ عبداللہ دوم کا پاکستان آمد پر ریڈ کارپٹ استقبال کررہے ہیں

کیش لیس معیشت بدعنوانی کے خلاف موثر ہتھیار ہے، شہباز شریف

حکومت کو شہری و دیہی دونوں علاقوں میں ڈیجیٹل نظام کے فروغ کے لیے بھرپور مہم چلانی ہوگی کیونکہ وقت تیزی سے گزر رہا ہے

گزشتہ سال رمضان کے دوران بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے لاکھوں خاندانوں کو مالی امداد کی ادائیگی ڈیجیٹل طریقے سے کی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کیش لیس معیشت کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں تیز کرتے ہوئے اسے پاکستان کے معاشی مستقبل کے لیے نہایت اہم اور بدعنوانی کے خلاف مؤثر ہتھیار قرار دیا۔ انہوں نے واضح پیغام دیتے ہوئے کہا کہ مستقبل ڈیجیٹل ہے، ہمیں یہ کام مکمل کرنا ہوگا۔ وزیراعظم کی زیر صدارت ملک میں کیش لیس معیشت سے متعلق اقدامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں انہوں نے زور دیا کہ دنیا تیزی سے ڈیجیٹل معیشت کی طرف بڑھ رہی ہے اور پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس عالمی رجحان کے مطابق خود کو ڈھالے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو شہری و دیہی دونوں علاقوں میں ڈیجیٹل نظام کے فروغ کے لیے بھرپور مہم چلانی ہوگی کیونکہ وقت تیزی سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

معاشی محاذ پر اہم پیشرفت
حکومتی قرض میں 1.2 کھرب کی نمایاں کمی ریکارڈ

ملک کے مجموعی سرکاری قرضے جس میں اندرونی اور بیرونی دونوں واجبات شامل ہیں، میں 1.283 کھرب روپے کی کمی واقع ہوئی، جون 2025 کے اختتام پر مجموعی قرضہ 77.888 کھرب روپے تھا جو ستمبر 2025 کے اختتام پر کم ہوکر 76.605 کھرب روپے کی سطح پر آ گیا

اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران قرض میں ہونے والی کمی کا بڑا حصہ اندرونی قرض سے آیا جس میں 1.048 کھرب روپے کی کمی ہوئی اور ستمبر 2025 میں یہ کم ہوکر 53.424 کھرب روپے رہ گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ملکی معیشت کے محاذ پر ایک اہم پیشرفت کے تحت رواں مالی سال 26 کی پہلی سہ ماہی کے دوران حکومت کے قرض میں 1.2 کھرب روپے سے زائد کی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ یہ کمی مرکزی بینک سے منافع کی منتقلی کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق مالی سال 26 کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) کے دوران ملک کے مجموعی سرکاری قرضے جس میں اندرونی اور بیرونی دونوں واجبات شامل ہیں، میں 1.283 کھرب روپے کی کمی واقع ہوئی۔ جون 2025 کے اختتام پر مجموعی قرضہ 77.888 کھرب روپے تھا جو ستمبر 2025 کے اختتام پر کم ہوکر 76.605 کھرب روپے کی سطح پر آ گیا۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

کاروباری برادری اور ٹیکس دہندگان کیلئے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں

تاجروں کا قومی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ہے

محکمہ انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کرتا رہے گا، ڈاکٹر فاروق جمیل

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) کمشنر ان لینڈ ریونیو پشاور زون، ریجنل ٹیکس آفس (آر ٹی او) پشاور، ڈاکٹر سید فاروق جمیل نے کہا ہے کہ کاروباری برادری اور ٹیکس دہندگان کے تمام جائز مسائل کو حل کرنے کے لیے محکمہ کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ تاجروں کا قومی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ہے اور محکمہ انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کرتا رہے گا، ڈاکٹر فاروق (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

جولائی تا ستمبر، قومی پیداوار کے 1.6 فیصد کے برابر بجٹ سرپلس ریکارڈ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خزانہ ذرائع کے مطابق پاکستان نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) میں 2.1 ٹریلین روپے یا مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے 1.6 فیصد کے برابر بجٹ سرپلس ریکارڈ کیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری کردہ وفاقی وصوبائی مالیاتی کارکردگی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

گوادر سے عمان تک فیری سروس چلانے کی منظوری

انتظامات کو حتمی شکل دینے کی غرض سے ایک اعلیٰ سطح کا عمانی وفد جلد پاکستان کا دورہ کرے گا

یہ روٹ پاکستانی تارکین وطن کیلئے سفر اور سیاحت، ثقافت اور باہمی روابط کو بھی فروغ دے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے گوادر سے عمان تک فیری سروس کی منظوری دے دی ہے، جو اس شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے بہترین موقع ہے۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی کابینہ نے گوادر سے عمان تک فیری سروس کی باقاعدہ منظوری دے دی ہے جس کے بعد دونوں ممالک بہت جلد فیری لنک کے قیام کے لیے مفاہمت نامے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جاکر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
info@tijaratnews.tv 0307-0610770
SUBSCRIBE NOW
TIJARAT NEWS
YouTube

ایف آئی کی مدد سے 70 لاکھ سے زائد گوشواروں کی مانیٹرنگ کا فیصلہ

رواں مالی سال کے دوران مجموعی طور پر انکم ٹیکس گوشواروں کی تعداد 80 لاکھ تک پہنچ سکتی ہے، 25 فیصد سے کم ٹیکس جمع کرانے والے ریٹرنز کا آڈٹ کیا جائے گا

تاریخ ساز آڈٹ میں ان لینڈ ریونیو کے 8 ہزار افسران اور تقریباً 4 ہزار آڈیٹرز حصہ لیں گے، بڑی کمپنیوں، مختلف سیکٹرز اور انفرادی ٹیکس دہندگان کے آڈٹ کیے جائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی مدد سے 70 لاکھ سے زائد انکم ٹیکس گوشواروں کی مانیٹرنگ کے ذریعے رواں مالی سال کے دوران مجموعی طور پر انکم ٹیکس گوشواروں کی تعداد 80 لاکھ تک پہنچ سکتی ہے۔ 25 فیصد سے کم ٹیکس جمع کرانے والے ریٹرنز کا آڈٹ کیا جائے گا۔ ایسے ریٹرنز جن میں ایف بی آر کی اسیسمنٹ کے مقابلے یا گزشتہ سال کی ریٹرن کی نسبت 25 فیصد کم ٹیکس جمع کروایا گیا ہوگا، انہیں بڑے پیمانے پر آڈٹ کے لیے شامل کیا جائے گا۔ ایف بی آر کے مطابق اس تاریخ ساز آڈٹ میں ان لینڈ ریونیو کے 8 ہزار افسران اور تقریباً 4 ہزار آڈیٹرز حصہ لیں گے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

پاکستان نے سود کی مد میں IMF کو 2.69 ارب امریکی ڈالرز ادا کیے

2025 کے کیلنڈر سال میں 376 ملین ایس ڈی آر ادا کی، 2023 میں یہ رقم 325.79 ملین ایس ڈی آر تھی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے مختلف آئی ایم ایف پروگرامز کے تحت کل 1.90 ارب ایس ڈی آر (جو کہ 2.69 ارب امریکی ڈالر کے مساوی ہے) سود کی مد میں ادا کیے، جس میں 2008 سے جون 2025 تک 401.24 ملین ایس ڈی آر کے اضافی چارجز بھی شامل ہیں۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

ایف 35 اسٹیلتھ لڑاکا طیاروں کی سعودی عرب کو فروخت پر غور کررہے ہیں، ٹرمپ

ٹرمپ نے ایئر فورس ون میں سوار صحافیوں کو بتایا کہ سعودی عرب کئی جنگی طیارے خریدنا چاہتا ہے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ سعودی عرب کو لاک ہیڈ مارٹن کے تیار کردہ F-35 اسٹیلتھ لڑاکا طیاروں کی ممکنہ فروخت پر غور کررہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ٹرمپ نے ایئر فورس ون میں سوار صحافیوں کو بتایا کہ سعودی عرب کئی جنگی طیارے خریدنا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

کوہاٹ سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے توانائی کے منصوبوں کو تیز کرنے کا اعلان کردیا

کیپٹو پاور پلانٹ زیر تعمیر ہے، جسے مالی سال 26 کی چوتھی سہ ماہی سے مالی سال 27 کی پہلی سہ ماہی کے درمیان مکمل کرنے کا ہدف ہے

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوہاٹ سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ (کے او ایچ سی) نے توانائی کے انفرااسٹرکچر منصوبوں کو تیز کرنے کا اعلان کیا ہے تاکہ آپریشنل اخراجات کم کیے جاسکیں اور پیداوار کی کارکردگی بہتر ہو، رپورٹ کے مطابق کمپنی کا 28.5 میگاواٹ کوئلے سے چلنے والا کیپٹو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

خواجہ آصف نے پی آئی اے کے خلاف پروپیگنڈے کو مسترد کردیا

حکومت ایئر لائن کو منافع بخش بنانے اور نیٹ ورک کو وسعت دینے کیلئے نیم PIA کی کوششوں کی مکمل حمایت کرتی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر دفاع اور ہوابازی خواجہ آصف نے پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کی فلائٹ سیفٹی اور آپریشنز کے بارے میں گردش کرنے والے بے بنیاد اور بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈے کو مسترد کردیا۔ خواجہ آصف کا یہ بیان قومی ایئر لائن کے خلاف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

شاہین کمپلیکس کے قریب اور صدر میں ٹریفک کی پاسداری کیلئے زیبرا کراسنگ اور حدرفتار کے بورڈ آویزاں کردیئے گئے

مالی سال 25-2024 سرکاری قرض میں 9.3 کھرب کا اضافہ ہوا، وزیر خزانہ

سرکاری قرض جون 2025 تک 9.3 کھرب روپے بڑھ کر 80.5 کھرب روپے ہوگیا جو روزانہ 25.4 ارب روپے کے اضافے کے برابر ہے

ایف آر ڈی ایل اے کے تحت جو سرکاری قرض کی محدود تعریف فراہم کرتا ہے، 8.2 کھرب روپے کا اضافہ ہوا جو روزانہ 22.3 ارب روپے رہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کو آگاہ کیا گیا کہ پاکستان کا سرکاری قرض مالی سال 2024-25 میں 9.3 کھرب روپے بڑھ گیا، جو روزانہ 25.4 ارب روپے کے اضافے کے برابر ہے، ایک ایسا تشویشناک اعداد و شمار جو مالیاتی نگرانی پر سوال اٹھاتا ہے۔ اطلاعات کے مطابق اراکین کے سوالات کے تحریری جواب میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے تصدیق کی کہ سرکاری قرض جو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان جسٹس مینا کے آغا سے حلف لے رہے ہیں

محتاط پالیسیوں کے باعث میکرو اکنامک استحکام حاصل کیا

گورنر اسٹیٹ بینک کا سی ایف اے سوسائٹی پاکستان کے 22 ویں سالانہ ایوارڈز کی تقریب میں خطاب

منیجنگ ڈائریکٹر پال موڈی نے کہا کہ سی ایف اے سوسائٹی پاکستان نے اعلیٰ اخلاقی معیار اور پیشہ ورانہ برتری کو فروغ دینے میں انتھک محنت کی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جمیل احمد نے کہا کہ پاکستان نے مربوط اور محتاط مالی و مالیاتی پالیسیوں کے نتیجے میں اہم میکرو اکنامک استحکام حاصل کیا ہے، جس کے سبب مہنگائی میں نمایاں کمی آئی اور بیرونی و مالیاتی ذخائر کی بحالی ممکن ہوئی۔ انہوں نیہ بات سی ایف اے سوسائٹی پاکستان کے 22 ویں سالانہ ایوارڈز کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے ابھرتی ہوئی معیشتوں میں سرمایہ کاری مارکیٹ کے کردار کو بھی اجاگر کیا اور کہا کہ مستحکم اور شامل ترقی کے لیے یہ مارکیٹس نہایت اہم ہیں۔ سی ایف اے سوسائٹی پاکستان نے سالانہ ایوارڈز کی یہ تقریب کراچی میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

بیرک گولڈ پاکستان کے کان کنی کے شعبے میں کامیابی کی سند ثابت ہوگا، وزیراعظم

ریکوڈک غیر ترقی یافتہ تانبا اور سونے کا ذخیرہ ہے جسے دنیا کے سب سے بڑے ذخائر میں سے ایک مانا جاتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بیرک گولڈ پاکستان کے کان کنی کے شعبے میں ترقی کی راہ ہموار کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان اقتصادی تعاون کی کامیابی کی سند ثابت ہوگا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے کینیڈا کے پاکستان میں تعینات ہونے والے ہائی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

ملائشیا کو گوشت کی برآمد کا ہدف 200 ملین ڈالرز مقرر

ملک کے گوشت برآمدات کے شعبے کو مضبوط بنانے کی کوششوں کو تیز کیا جائیگا، وزیر تجارت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے ملائیشیا کو گوشت کی برآمدات میں 200 ملین ڈالر کا ہدف مقرر کردیا ہے، جس کے لیے وزیر تجارت جام کمال خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ ملک کے گوشت برآمدات کے شعبے کو مضبوط بنانے کی کوششوں کو تیز کریں۔ جام کمال خان نے یہ ہدایات پاکستان، ملائیشیا گوشت برآمدات تعاون کمیٹی کے تیسرے اجلاس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

ناقص پورٹ ٹرمینل خدمات کے باعث تاجروں پر ماہانہ 750 ملین ڈالرز کا اضافی بوجھ

ایف پی سی سی آئی کے نمائندوں نے کارگو کی غیر ضروری فزیکل جانچ کو کم کرنے کے لیے بہتر ٹریڈر پروفائلنگ کا مطالبہ کیا

کراچی (کامرس رپورٹر) تاجروں کو غیر تسلی بخش پورٹ ٹرمینل خدمات کے باعث ہر ماہ تقریباً 750 ملین ڈالر کے اضافی اخراجات برداشت کرنا پڑ رہے ہیں۔ یہ مسئلہ مشترکہ تجارتی سہولت کمیٹی کے پہلے اجلاس میں اٹھایا گیا، جو کسٹم ہاؤس کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت کلکٹر اپریزمنٹ (جنوب) واجد علی نے کی، جس میں کسٹمز حکام، تاجر برادری، کاروباری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

دبئی میں اڑنے والی ٹیکسی کی پہلی آزمائشی پرواز کامیابی سے مکمل کرلی گئی

اماراتی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ 2026 میں ایئر ٹیکسی سروس عوام کے لیے باقاعدہ طور پر شروع کی جائے گی

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) متحدہ عرب امارات نے جدید ٹیکنالوجی کی دنیا میں ایک اور سنگ میل عبور کرلیا، دبئی میں اڑنے والی ٹیکسی کی پہلی آزمائشی پرواز کامیابی سے مکمل کرلی گئی۔ اماراتی حکام کے مطابق یہ آزمائشی پرواز دبئی اور العین کے درمیان مرغم کے صحرائی علاقے سے شروع ہوئی اور المکتوم ایئرپورٹ پر کامیابی سے اختتام پذیر ہوئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ یہ الیکٹرک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

مقامی فروخت پر عائد سیلز ٹیکس کا 67 فیصد 15 بڑے شعبوں نے فراہم کیا

خالص وصولی 1,619.5 ارب روپے رہی، گزشتہ سال کے مقابلے میں 32.4 فیصد کے نمایاں اضافے کی عکاسی کرتی ہے

بجلی کا شعبہ سب سے بڑا حصہ دار بن کر سامنے آیا، جو مجموعی وصولی کا 22.8 فیصد ہے، جس کی بنیادی وجہ بجلی کے ٹیرف میں اضافہ ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مالی سال 2024-25 کے دوران مقامی فروخت (ڈومیسٹک) پر عائد سیلز ٹیکس کی مجموعی وصولی کا تقریباً 57.3 فیصد حصہ پندرہ بڑے شعبوں نے فراہم کیا، جن میں بجلی، پیٹرولیم مصنوعات، چینی، سیمنٹ، اور کاٹن یا رن بجلی کا شعبہ وغیرہ شامل ہیں۔ ایف بی آر کے تازہ ترین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

پنجاب، پاک سعودی اقتصادی تعاون فریم ورک کے لیے اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دے دی گئی

کمیٹی منصوبوں کی تیاری اور سرمایہ کاری کے لیے "ریڈی پروپوزلز" اور پراجیکٹ پائپ لائن تیار کرے گی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے پاک سعودی اقتصادی تعاون فریم ورک کے لیے اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دے دی۔ کمیٹی کا مقصد سعودی عرب کے ساتھ سرمایہ کاری فریم ورک پر مؤثر ہم آہنگی یقینی بنانا ہے۔ صوبائی اسٹیئرنگ کمیٹی وفاقی وزارتوں اور ایس آئی ایف سی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

ٹریٹ کارپوریشن لمیٹڈ کا طلب پوری کرنے کیلئے 43 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری

کمپنی ریزرز اور ریزر بلیڈز کی تیاری اور فروخت کے ساتھ دیگر تجارتی سرگرمیوں میں بھی سرگرم ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹریٹ کارپوریشن لمیٹڈ نے اپنے ہالجین ریزر سیکشن کو وسعت دینے کا اعلان کیا ہے اور بڑھتی ہوئی مقامی و برآمدی طلب کو پورا کرنے کے لیے 43 کروڑ روپے (تقریباً 1.5 ملین امریکی ڈالر) کی سرمایہ کاری کی منظوری دی ہے۔ کمپنی نے یہ معلومات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

پی ٹی اے نے وی پی این فراہمی کے لیے لائسنس دینے کا عمل شروع کردیا

اتھارٹی کے مطابق یہ لائسنس یافتہ کمپنیاں افراد اور اداروں کو جائز اور قانونی مقاصد کے لیے وی پی این خدمات فراہم کرنے کی اجازت رکھتی ہیں

یہ اقدام ریگولیٹری سہولت، صارفین کی آسانی، اور پاکستان کے ڈیجیٹل نظام میں سائبر سیکیورٹی کو فروغ دینے کے لیے اٹھایا گیا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے بحال شدہ کلاس ویلیو ایڈڈ سروسز (سی وی اے ایس۔ ڈیٹا) لائسنسنگ نظام کے تحت ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک (وی پی این) سروس فراہم کنندگان کے لیے لائسنسنگ کا عمل شروع کردیا ہے۔ پی ٹی اے نے جاری کردہ بیان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

ریاض: چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل عاصم سعودی ہم منصب سے ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد: لوک ورثہ میلے میں شریک ایک لڑکی گلگت بلتستان کی روایتی کیپ پہن رہی ہے

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: سید وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر
جلد نمبر 25 (شمارہ نمبر 47) 17 تا 23 نومبر 2025ء فون-0307-0610770 E-MAIL:info@tigaratnews.tv

امریکہ بھارت دفاعی معاہدہ: پاکستان اور چین کیلئے نیا چیلنج

امریکہ بھارت دس سالہ دفاعی معاہدے کی خبر جہاں پاکستانی حکومت اور پاکستانیوں کے لئے مخصوص پس منظر میں الارمنگ ہے، وہیں اس نے بہت سے سوالات اور خدشات کو جنم دیا ہے۔ ان سوالات کے جوابات اور اس معاہدے کے پاکستان' چین اور خطے پر اثرات تو وقت کے ساتھ معاہدے کی تفصیلات سامنے آنے اور اس پر عمل درآمد کے بعد واضح ہوں گے۔ لیکن اس وقت پاکستانیوں کے ذہن میں ایک تاثر عام ہے کہ ٹرمپ نے اپنے مخصوص مائنڈ سیٹ اور مزاج کے مطابق انڈیا کے ساتھ یہ معاہدہ کر کے پاکستان کے ساتھ 'ہاتھ کر دیا ہے'۔ ہماری قیادت کو زبانی تعریفیں کر کے اور انڈیا کے 7 طیارے گرنے کا بار بار تذکرہ کر کے خوش کئے رکھا اور بھارت کو بظاہر دباو؟ میں رکھنے کا تاثر دیتے ہوئے اچانک پاکستان کو سرپرائز دیتے ہوئے امریکہ انڈیا دس سالہ دفاعی فریم ورک معاہدے کا اعلان کر کے پاکستان اور چین کیلئے خطرہ کی گھنٹی بجادی ہے۔ اگر چہ یہ معاہدہ 2005 اور 2015 میں ہونے والے معاہدوں کی سیریز کا حصہ ہے جس کو جولائی اگست 2025 میں ہونا تھا لیکن پاک بھارت جنگ اور انڈیا کے روس سے تیل خریدنے کی وجہ سے اس میں تاخیر ہوگئی۔ اس معاہدے کا ہونا بہر حال اس امر کو ظاہر کرتا ہے کہ امریکہ کیلئے اس خطے میں انڈیا کی اسٹریٹجک اہمیت برقرار ہے۔ ہم اس معاہدے کو گزشتہ ایک سال کی پیش رفت کے پس منظر میں دیکھتے ہیں تو سامنے آتا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے گزشتہ دور حکومت میں پاکستان کے ساتھ تعلقات کشیدہ رہے تھے۔ جبکہ اس کے برعکس اس بار ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے اس دور حکومت کا آغاز امریکہ کو مطلوب دہشت گرد حوالے کرنے پر کانگریس میں پاکستان کی تعریف سے کیا اور پھر اس حوالے سے چیف آف آرمی سٹاف سید عاصم منیر کو وائٹ ہاو؟ س میں لنچ پر مدعو کر کے ان کی عزت افزائی کی گئی۔ مئی 2025 میں چار روزہ پاک بھارت جنگ کے خاتمے کے بعد تو ٹرمپ نے پاکستان کے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے اور سات طیاروں کے گرنے کا بار بار ذکر کر کے انڈیا کو embarrassed کرنے کا سلسلہ جاری رکھا۔ اسی طرح انڈیا پر روس سے تیل خریدنے پر پہلے 25 فیصد ٹیرف پھر جرمانے لگا کر ٹیرف 50 فیصد کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ امریکہ نے گزشتہ ماہ یک وقتی H-1B ویزہ کیلئے 100 ہزار ڈالر فیس بھی عائد کر دی تھی۔ اس پس منظر میں غیر متوقع طور پر اچانک امریکہ کے وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے اعلان کیا کہ امریکہ اور انڈیا کے درمیان 10 سالہ دفاعی تعاون کے فریم ورک پر دستخط کر دیئے گئے ہیں۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں انھوں نے انڈین وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے ساتھ اپنی ملاقات کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے تحریر کیا یہ معاہدہ انڈیا اور امریکہ کے درمیان دفاعی شراکت میں پیشرفت ہے جو کہ علاقائی سلامتی کا سنگ بنیاد ہے۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ممالک تعاون، معلومات کی شیئرنگ اور ٹیکنالوجی میں شراکت کو بڑھائیں گے۔ انکے بقول امریکہ انڈیا کے دفاعی تعلقات کبھی اس سے زیادہ مضبوط نہیں رہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق انڈیا امریکی فوجی سامان خریدنے کا ارادہ رکھتا ہے اور اس معاملے پر بات چیت متوقع ہے۔ اسی دوران امریکی وزیر جنگ نے جمعے کو انڈیا اور چین کے ہم منصبوں سے ملائیشیا میں جاری آسیان دفاعی اجلاس میں ملاقاتوں کے بعد ایکس پر لکھا کہ امریکہ نے چین کو آگاہ کیا ہے کہ وہ اپنے مفادات کا سختی سے دفاع کرے گا اور بحر ہند اور بحرالکاہل میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھے گا۔ جبکہ انھوں نے متنازع جنوبی بحیرہ چین اور تائیوان کے ارد گرد چینی سرگرمیوں پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ جبکہ انڈین وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کا کہنا ہے کہ امریکہ کے ساتھ دفاعی شراکت داری کے نئے دور کا آغاز ہونے جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دفاعی فریم ورک اس بات کا عندیہ ہے کہ دونوں ملک جنوبی ایشیا میں اسٹریٹیجک پارٹنر ہیں۔ ان کے بقول ہمارے باہمی تعلقات کی بڑی بنیاد دفاع رہے گی۔ اس معاہدے پر ردعمل دیتے ہوئے پاکستانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکا کے درمیان دفاعی معاہدے کا جائزہ لے رہے ہیں اور دفاعی معاہدے پر تبصرہ کرنا ابھی قبل از وقت ہے۔ کیونکہ اس کے جنوبی ایشیا پر اثرات کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مزید کہا کہ یہ معاہدہ ایک تازہ پیش رفت ہے اور ہم خاص طور پر امن، سلامتی اور جنوبی ایشیا میں استحکام کے حوالے سے اس معاہدے کے اثرات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے جمعہ کو تصدیق کی تھی کہ امریکا نے بھارت کے ساتھ 10 سالہ دفاعی فریم ورک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ خبر رساں اداروں رائٹرز اور اے ایف پی کی رپورٹس میں بتایا گیا تھا کہ پیٹ ہیگسیتھ نے ایکس پوسٹ میں بتایا کہ یہ فریم ورک خطے میں استحکام اور دفاعی توازن کے لیے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جس سے دونوں ممالک کے درمیان تعاون، معلومات کے تبادلے اور تکنیکی اشتراک میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے لکھا کہ اب انڈیا کے ساتھ ہماری دفاعی شراکت داری پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہے۔

110 کروڑ روپے مالیت کی ڈائنوسار کی باقیات نیلامی کیلئے تیار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دنیا میں گھومنے والے آخری ڈائنوسار میں سے ایک آئندہ مہینے 30 لاکھ پاؤنڈ (1 ارب 10 کروڑ پاکستانی روپے) میں فروخت کے لیے پیش کیا انتہائی نایاب بتایا گیا ہے کہ جس کی باقیات 100 ہڈیوں پر مشتمل ہیں۔ جبکہ عموماً کسی ڈائنوسار کی چند ہی باقیات مل پاتی ہیں۔ یہ نسل پروں والے ڈائنوسار آنزو ویلائی 'چکن فرام دی ہیل' نامی سے



جانے والا ہے۔ 'اسپائنک دی سینا گنا تھڈ' نامی یہ ڈائنوسار کم از کم 6 کروڑ 60 لاکھ برس قبل زمین پر موجود تھا۔ جس کو آئندہ ماہ لندن میں موجود کرسٹیز میں نیلامی سے قبل دوبارہ جوڑ کر کھڑا کر دیا گیا ہے۔ ماہرین کی جانب سے اس ڈائنوسار کو قریبی تعلق رکھتی ہے، جس کے سر پر مرغی کی طرح کی کلغی، لمبی ٹانگیں، تیز پنجے اور شکار پکڑنے کے لیے جبڑے ہوتے ہوں گے۔ ڈائنو سار کی باقیات 2022 میں ساؤتھ ڈکوٹا سے دریافت ہوئیں تھیں۔

بھارت: ماہانہ ایک کروڑ روپے کمانے والا موموز اسٹال

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک)) بھارت میں انسٹاگرام کے ایک کانٹنٹ کریئٹر نے موموز اسٹال کی چھوٹی سی ویڈیو پوسٹ کر کے نئی بحث چھیڑ دی۔ کیسی پریرا نامی تخلیق کار بینگالورو کے ایک مشہور کر جب وہ واپس آئے تو پہلے سے بھی زیادہ گاہک ان کا انتظار کر رہے تھے۔ کیسی پریرا کے مطابق یہ اسٹال شام 5 بجے سے رات 10 بجے تک کھلتا ہے۔ ایک پلیٹ کی قیمت 110 بھارتی روپے (348

موموز اسٹال پر گئے اور وہاں کے معاملات ایک کلپ میں ریکارڈ کر کے پیش کیے۔ انہوں نے اسٹال پر کام کیا اور آنے والے گاہکوں کو موموز پروسے۔ ویڈیو کے مطابق ابتدائی پہلے گھنٹے کیسی پریرا نے 118 پلیٹیں سرو کی۔ ایک چھوٹا سا وقفہ لے پاکستانی روپے) ہے۔ انہوں نے پورے دن میں 950 کے قریب موموز کی پلیٹیں فروخت کیں، جس کے حساب سے اس دن 1 لاکھ 4 ہزار 500 بھارتی روپے (3 لاکھ 30 ہزار پاکستانی روپے سے زیادہ) کی فروخت ہوئی۔

امریکا: جم ٹیچر کا تھری، پوائنٹر شاٹس کا گینیز ورلڈ ریکارڈ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ہائی اسکول کے ایک جم ٹیچر نے باسکٹ بال کورٹ میں تھری-پوائنٹر شاٹس کی کوشش کی جس میں سے 1516 کامیابی کے ساتھ باسکٹ میں گئے۔ راین

1516 تھری-پوائنٹر شاٹ اسکور کر کے گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔ امریکی ریاست مین سے تعلق رکھنے والے راین مارٹن نے ایک گھنٹے میں 1683 کا مقصد 1372 شاٹس اسکور کرنا تھا لیکن انہوں نے 145 شاٹس زیادہ اسکور کیے۔ یہ ان کا تیسرا گینیز ورلڈ ریکارڈ ہے۔

برطانیہ، جعلی نیول ایڈمرل کی جنگی یادگار کی تقریب میں شرکت

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کے شمالی ویلز میں ایک عجیب وغریب واقعہ پیش آیا جہاں ایک شخص نے خود کو نیوی کا جعلی ایڈمرل ظاہر کرتے ہوئے جنگ عظیم کے دوران اپنی جان قربان کرنے والے فوجیوں کی یادگار پر پھول چڑھائے اور سلامی دی۔ برطانیہ کے لینڈ ڈنو شہر میں منعقد ہونے والی یونیفارم ماہرین کے لیے سوالات کا باعث بن گیا۔ خاص طور پر اس کی وردی پر موجود تمغے مشکوک تھے کیونکہ بعض تمغے ایک ساتھ کبھی نہیں لگائے جاتے۔ اس کے علاوہ اس کی وردی میں بھی غیر معمولی فرق نظر آیا جیسے کہ سفید کٹ کالر والی قمیض جو رائل نیوی کے ضوابط کے خلاف تھی اور کوٹ کی

اس یادگاری تقریب میں اس شخص نے ریئر ایڈمرل کی وردی زیب تن کی ہوئی تھی جس پر 12 تمغے جڑے ہوئے تھے۔ یہ شخص جس کی شناخت ابھی تک معلوم نہیں ہوسکی متعدد بار ایسی تقریبات میں شرکت کر چکا تھا لیکن اس بار اس کا جعلی انداز اور فوجی آستینیں بھی غیر معمولی طور پر بڑی تھیں۔ رائل نیوی کے ترجمان نے اس واقعہ پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ نیول افسر کی نقالی کرنا نہ صرف نیوی سروس سے وابستہ افراد کے لیے توہین آمیز ہے بلکہ یہ ایک مجرمانہ فعل بھی ہوسکتا ہے۔

چین میں موجود 416 برس پرانی انگور کی بیل

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین میں تبت کی پہاڑیوں میں پائی جانے والی ایک انگور کی بیل نے دنیا کی سب سے پرانی بیل کا گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دی۔ انگور کی یہ بیل سطح سمندر سے تقریباً 2400 میٹر کی بلندی پر ہے۔ اس کی اونچائی تقریباً 26 فٹ جبکہ چوڑائی 2 فٹ سے زیادہ ہے۔

کر دیا۔ زوگینگ کاؤنٹی میں موجود یہ بیل چینگ ڈوشی کے قدیم اور مشہور درختوں کے سروے کے دوران دریافت ہوئی جس کا معائنہ بعد ازاں چین کی ساؤتھ ویسٹ فارسٹری یونیورسٹی میں قائم ووڈ سائنس ریسرچ لیبارٹری نے کیا۔ محققین نے 'رنگ انالسز' اور طبعی پیمائش کرتے ہوئے بیل کی عمر کا تعین کیا۔ گینیز ورلڈ ریکارڈ نے ستمبر میں 416 سالہ اس بیل کے سب سے پرانی بیل ہونے کی تصدیق

گوگل نے اپنے پکسل فونز کیلئے کال ریکارڈنگ فیچر متعارف کرادیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صارفین اس فیچر کو فون ایپ میں جا کر کال اسسٹنٹ سیکشن میں 'نئے کال ریکارڈنگ' آپشن سے حاصل کر سکتے ہیں۔ آپشن آن کرنے کے بعد کال لاگ اسکرین پر 'کال اسسٹ مینو' ظاہر ہوگا جس پر 'کال ریکارڈنگ' بٹنگ ہوگا۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	282.50 PKR	282.70 PKR
Euro	EUR	331.65 PKR	335.15 PKR
British Pound	GBP	380.95 PKR	383.95 PKR
UAE Dirham	AED	76.80 PKR	77.80 PKR
Saudi Riyal	SAR	75.55 PKR	76.20 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	913.40 PKR	922.40 PKR
Canadian Dollar	CAD	205.40 PKR	212.40 PKR
Australian Dollar	AUD	185.35 PKR	190.35 PKR
Omani Riyal	OMR	731.25 PKR	738.75 PKR
Japanese Yen	JPY	1.88 PKR	1.98 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.25 PKR	66.85 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.90 PKR	77.60 PKR
Bahrain Dinar	BHD	746.60 PKR	754.10 PKR
Thai Bhat	THB	8.45 PKR	8.60 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.30 PKR	39.70 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	36.20 PKR	36.55 PKR
Danish Krone	DKK	43.60 PKR	44.00 PKR
New Zealand Dollar	NZD	160.30 PKR	162.30 PKR
Singapore Dollar	SGD	216.85 PKR	221.60 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.82 PKR	28.12 PKR
Swedish Krona	SEK	29.69 PKR	29.99 PKR
Swiss Franc	CHF	352.54 PKR	355.29 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 441,700	Rs. 378,690
22k	Rs. 404,884	Rs. 347,130
21k	Rs. 386,484	Rs. 331,355
20k	Rs. 368,174	Rs. 315,657
18k	Rs. 331,271	Rs. 284,018
14k	Rs. 257,665	Rs. 220,911
12k	Rs. 257,665	Rs. 189,345

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Karachi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Lahore	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Islamabad	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Rawalpindi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Peshawar	Rs. 4,397	Rs. 5,124

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 263.02 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 275.42 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.81 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	KEL 5.62 -0.46 BOP 37.0 -2.21 PIBTL 15.61 -0.19 SEARL 112.06 2.12
KSE ALL SHARE	KEL 5.62 -0.46 WTL 1.96 -0.13 FCSC 9.0 -0.03 BOP 37.0 -2.21 TELE 12.6
KSE 30	No Data Found.
KMI30	No Data Found.
ALL SHARE ISLAMIC	KEL 5.62 -0.46 TELE 12.6 -0.66 TREET 32.31 -1.37 PIBTL 15.61 -0.19 SEARL
BATI	BOP 37.0 -2.21 BAFL 106.63 -3.27 NBP 204.99 -4.47 BAHL 188.51 -6.32
OGTI	PPL 195.09 0.62 OGDC 264.27 -2.05 MARI 738.64 -0.79

بھوٹان دنیا کے مہنگے ترین ویزے کا حامل ملک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی سفر کی منصوبہ بندی جہاں دلچسپ ہے وہی ویزے کا عمل اسی طرح مشکل اور تھکا دینے والا بھی ہوتا ہے کیونکہ بعض اوقات کاغذی کارروائی مکمل کرنا آسان نہیں ہوتا تاہم سفر کے شوقین ان تمام مراحل کو عبور کر لیتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق دنیا کے مہنگے ترین ویزے کے حامل ممالک میں نہ تو امریکا ہے اور نہ برطانیہ جیسا ترقی یافتہ ملک بلکہ ایک ہمالیائی ملک ہے، جس کا وزٹ ویزا دنیا کا مہنگا ترین ویزا شمار کیا جاتا ہے۔ دنیا کے مہنگے ترین ویزے کا حامل ملک بھوٹان ہے کیونکہ اس کے ویزے کا فیس اسٹرکچر دیگر ممالک کی معمولی نہیں ہے، جیسے دیگر ممالک ایک دفعہ فیس چارج کرتے ہیں اور بھوٹان کا سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ فیس (ایس ڈی ایف) پر مبنی ہے، اس فیس ماڈل میں ہر ایک شخص سے فی رات کے حساب سے 100 ڈالر شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھوٹان کی سیاحتی فلسفہ سیاحوں کی کم تعداد مگر اعلی اقدار کا مقصد اپنی ثقافت اور ماحول کا تحفظ ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق بھوٹان کی حکومت کی جانب سے بھارتی شہریوں کے لیے رعایت دی جاتی ہے اور 100 ڈالر کے مقابلے میں 1200 بھارتی روپے وصول کیے جاتے ہیں، رپورٹ میں بتایا گیا کہ بھارتی شہریوں کو ویزے کی ضرورت نہیں پڑتی صرف اپنے شناختی کارڈ درکار ہوتا ہے۔

ایران میں بدترین خشک سالی، شہریوں کو تہران خالی کرنا پڑ سکتا ہے، ایرانی صدر

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی دارالحکومت تہران میں عوامی سطح پر خشک سالی اور پانی کے بحران کے پیش نظر بارشوں کیلئے کے لیے دعائیں مانگی جارہی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران پانی کے بدترین بحران سے دوچار ہے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ اگر ملک میں خشک سالی جاری رہی تو تہران جو کہ 1 کروڑ سے زیادہ آبادی والا شہر ہے، جلد ہی ناقابل رہائش ہوسکتا ہے۔ ایرانی خواتین نے تہران میں امام زادہ صالح کے مزار پر بارش کے لیے دعائیں کیں۔ صدر مسعود پیزشکیان نے خبردار کیا ہے کہ اگر دسمبر تک بارشیں نہیں آتی ہیں تو حکومت کو تہران میں پانی کی فراہمی کیلئے منصوبہ بندی کرنا پڑے گی۔ ایرانی صدر نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر ہم راشن کا بندوبست کر بھی لیتے ہیں لیکن بارشیں نہیں ہوتیں، تب بھی ہمارے پاس پانی بالکل نہیں ہوگا اور ایسی صورت میں شہریوں کو تہران سے نکلنا پڑے گا۔

جنوبی کوریا کے ساحل سے 600 سال پرانا جہاز نکال لیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جنوبی کورین ماہرین آثار قدیمہ نے ملک کے مغربی ساحل کی تہہ سے 600 برس پرانا بحری کارگو جہاز کی باقیات نکال لیں۔ نیشنل ریسرچ انسٹیٹیوٹ آف میری ٹائم ہیریٹیج کا کے بعد نکالا گیا ہے جو اس وقت کی سلطنت کے سمندری ٹیکس اور نقل و حمل کے پیچیدہ نظام کا سب سے واضح مادی ثبوت ہے۔ یہ جہاز پہلی بار 2015 میں دریافت کیا گیا جس کے بعد برسوں تک یہ جہاز محققین

کہنا تھا کہ ماڈو 4 نامی 15 صدی کے اس جہاز کو برسوں کی کوشش کے بعد گزشتہ ماہ صحیح حالت میں نکال لیا۔ یہ دریافت سے پہلی بار جوسون دور (1910–1392) کا کوئی جہاز مکمل طور پر کھدائی کے مطالعے اور اس جو محفوظ کرنے کے کام کی وجہ سے زیر آب رہا۔ دریافت کے بعد سے ماہرین موقع سے 120 سے زیادہ نوادرات حاصل کیے جا چکے ہیں جن میں لکڑی کے کارگو ٹیگ اور حکومتی چاولوں کے برتن شامل ہیں۔

جین ایڈیٹنگ سے ذہین بے بی تخلیق کرنے کے تجربات

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل نے انکشاف کیا ہے سان فرانسسکو میں واقع ایک نئی سائنسی کمپنی، پریونیٹو کے امریکہ میں غیر قانونی ہے اسی لیے چوری چھپے کی جا رہی ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق چیٹ جی پی ٹی بنانے والی کمپنی، اوپن آئی کی سربراہ، سام آلٹمان

ماہرین خفیہ طریقے سے بذریعہ جین ایڈیٹنگ ایسا ''ڈیزائنر بے بی'' تخلیق کرنے کو تحقیق و تجربات کر رہے جو نہ صرف تمام بیماریوں اور پیدائشی نقائص سے پاک ہوگا بلکہ ذہانت کا اعلی معیار بھی رکھے گا۔ گویا جین ایڈیٹنگ کی مدد سے اس کی سبھی ناقص جین نکال دیئے جائیں گے، مگر ایسی تحقیق اور کرپٹو کرنسی ایکسچینج، کوائن بیس کے شریک بانی، برائن آرمسٹرانگ نے پریونیٹو میں سرمایہ کاری کر رکھی ہے۔ یہ خبر شائع ہونے پر امریکی دانشوروں کے مابین 'اخلاقیات، حفاظت (سیفٹی) اور ڈیزائنر بچوں سے وابستہ خطرات کے سلسلے میں بحث چھڑ گئی۔

بقیہ 1 تجارت نیوز

سرحد ہر قسم کی تجارت کے لیے گذشتہ 32 روز سے بند ہے اور اس وقت سرحد پر بڑی تعداد میں تجارتی سامان سے لدی گاڑیاں کھڑی ہیں۔ ملا برادر نے کہا کہ اب افغانستان پاکستان کے ساتھ تجارتی لین دین بند کر دے گا۔ انہوں نے افغان تاجروں کو ہدایت دی کہ وہ متبادل راستے تلاش کریں۔ ملا برادر نے کہا کہ اس وقت پاکستان کے ساتھ تجارت کا بڑا حصہ ادویات کی درآمد پر مشتمل ہے۔ پاکستانی ادویات درآمد کرنے والے تاجروں کو تین ماہ کی مہلت دی گئی ہے کہ وہ اپنے مالی معاملات مکمل کر لیں۔ جبکہ تین ماہ بعد افغان وزارت خزانہ پاکستان سے ادویات کی درآمد پر نہ محصول لے گی اور نہ ہی درآمد کی اجازت دے گی۔ انہوں نے اس موقع کو پاکستان کی ادویات ساز صنعت کو بدنام کرنے کی کوشش کے لیے بھی استعمال کیا اور کہا کہ ایسی اطلاعات ہیں کہ پاکستان سے درآمد کی جانے والی ادویات غیر موثر رہی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کوئی بھی ملک انفرادی طور پر اپنی تمام ضروریات پوری نہیں کرسکتا اس لیے ایک دوسرے پر انحصار کرنا پڑتا ہے تاہم بدقسمتی سے بعض ممالک سے تجارت میں رکاوٹوں، اقتصادی بندش اور سیاسی طور پر دباؤ کی وجہ سے مشکلات بڑھ جاتی ہیں۔ اس لیے ہم متبادل حل تلاش کریں گے۔ انہوں نے دعوی کیا کہ افغانستان کو اب درآمدات اور برآمدات کے لیے متبادل تجارتی راستوں تک رسائی حاصل ہوچکی ہے اور خطے کے ممالک کے ساتھ اقتصادی تعلقات ماضی کے مقابلے میں کہیں زیادہ مضبوط ہو چکے ہیں۔ ملا برادر نے کہا کہ اگر پاکستان افغانستان کے ساتھ تجارتی راستے دوبارہ کھولنا چاہتا ہے تو اسے ضمانت دینی ہوگی کہ یہ راستے آئندہ کسی بھی صورت میں بند نہیں کیے جائیں گے۔ دوسری جانب حکومتی سینٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں کہا ہے ملا برادر نے آج پاکستان سے تمام درآمدات بند کرنے کا اعلان کیا ہے تاہم پاکستانی حکومت کئی ہفتے پہلے ہی افغانستان کے ساتھ سرحد کو بند کر چکی ہے۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

ظاہر کیا گیا تھا۔ تفصیلی جانچ سے غلط بیانی کی تصدیق ہوئی، جس کے بعد 800 بیگز چائینیز سالٹ اور 100 بیگز سٹرک ایسڈ ضبط کیے گئے، ہر بیگ کا وزن 25 کلوگرام تھا۔ کسٹمز نے ضبط شدہ سامان کو محفوظ گودام میں منتقل کیا اور نمونوں کو لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھیج دیا۔ کسٹمز ایکٹ 1969 کے تحت قانونی کارروائی بھی شروع کر دی گئی ہے۔ ایف بی آر نے کہا کہ یہ کارروائی پاکستان کسٹمز کی اسمگلنگ روکنے اور قومی خزانے کو مالی نقصان سے بچانے کی مستقل کوششوں کی عکاس ہے۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

گزر رہا ہے اور ڈیجیٹل انقلاب کا وقت آن پہنچا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دنیا ڈیجیٹل معیشت کی طرف بڑھ رہی ہے اور پاکستان اس دوڑ میں پیچھے رہنے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے یاد دلایا کہ ان کی حکومت نے آغاز ہی سے ڈیجیٹل معیشت کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیا تھا۔ شہباز شریف نے حکومت کی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال رمضان کے دوران بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے لاکھوں خاندانوں کو مالی امداد کی ادائیگی ڈیجیٹل طریقے سے کی گئی جو ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کے مطابق یہ تبدیلی صرف ادائیگیوں کا نظام نہیں بلکہ ایک وسیع سماجی اصلاحی عمل کی شروعات ہے، جو نقد رقوم کی تقسیم اور کرپشن جیسے پرانے طریقوں کو ختم کرے گا۔ انہوں نے زور دیا کہ کیش لیس نظام نہ صرف معیشت کو جدید خطوط پر استوار کرے گا بلکہ بدعنوانی کے خاتمے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کیش لیس معیشت کا مطلب شفاف طرز حکمرانی ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اہداف مقررہ وقت میں مکمل کریں اور عمل درآمد کی رفتار میں تیزی لائیں۔ وزیراعظم نے وزارت خزانہ، وزارت آئی ٹی، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی کارکردگی کو سراہا، تاہم واضح کیا کہ اطمینان کی کوئی گنجائش نہیں۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران قرض میں ہونے والی کمی کا بڑا حصہ اندرونی قرض سے آیا۔ اندرونی قرض میں 1.048 کھرب روپے کی کمی ہوئی اور ستمبر 2025 میں یہ کم ہوکر 53.424 کھرب روپے رہ گیا۔ تجزیہ کاروں نے کہا کہ حکومتی قرض میں ابتدائی کمی ایک مثبت اشارہ ہے اور اس سے سود کی ادائیگیوں کا دباؤ کم ہونے میں مدد ملے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت اور اسٹیٹ بینک نے رواں سال قرضوں کے انتظام کو زیادہ مؤثر طریقے سے سنبھالا ہے جس میں مرکزی بینک کی جانب سے وفاقی حکومت کو بھاری منافع کی منتقلی نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ تجزیہ کاروں نے مزید کہا کہ جاری مالی استحکام (فسکل کنسولیڈیشن) کی مدد سے، خالص بجٹ قرضے کو قابو میں رکھنے کے نتیجے میں نجی شعبے کو مستحکم ترقی کے لیے قرضہ فراہم کرنے کی گنجائش پیدا ہوگی۔ ڈومیسٹک قرض کے تحت طویل مدتی قرضوں میں بھی ایک نمایاں کمی دیکھنے میں آئی۔ طویل مدتی قرض 692 ارب روپے کم ہوکر ستمبر 2025 میں 44.961 کھرب روپے رہ گیا، جو جون 2025 میں 45.653 کھرب روپے تھا۔ اسی طرح مختصر مدتی قرضہ بھی 356 ارب روپے کم ہوکر اسی مالی سال کی اسی مدت میں 8.756 کھرب روپے سے گر کر 8.4 کھرب روپے رہ گیا۔ تاہم نیا پاکستان سٹیفکیٹ کے تحت قرض رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 62 ارب روپے سے بڑھ کر 63 ارب روپے ہوگیا۔ پاکستان کا بیرونی قرض (روپے میں مالیت کے لحاظ سے) 236 ارب روپے کم ہوا۔ ستمبر 2025 کے اختتام پر بیرونی قرض کا حجم 23.181 کھرب روپے رہا جو جون 2025 میں 23.417 کھرب روپے تھا۔ اسٹیٹ بینک نے گزشتہ مالی سال میں 2.5 کھرب روپے کا مضبوط منافع کمایا، جس میں سے 2.4 کھرب روپے وفاقی حکومت کو منتقل کیے گئے۔ اس آمدن نے مجموعی طور پر معیشت پر قرض کے بوجھ کو کم کرنے میں مدد فراہم کی ہے۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

جمیل نے واضح کیا کہ قانون کے نفاذ کے معاملے میں کسی قسم کی نرمی یا رعایت نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کاروباری برادری سے اپیل کی کہ ٹیکس قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانے میں ان لینڈ ریونیو ڈپارٹمنٹ کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ کمشنر نے بتایا کہ ایک کارروائی کے دوران محکمہ کی ٹیم نے چائے کے پیکٹس کی جانچ کی اور دیکھا کہ بعض پیکٹس پر ریٹیل قیمت درج نہیں تھی جو کہ ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی ہے، نتیجتاً متعلقہ پیکٹس ضبط کر لیے گئے۔ ڈاکٹر فاروق جمیل نے وضاحت کی کہ اس کارروائی کے دوران کسی تاجر کو ہراساں نہیں کیا گیا، یہ اقدام مکمل طور پر قانونی تقاضوں کے مطابق کیا گیا۔ کچھ تاجروں کی جانب سے شٹر ڈاؤن ہڑتالوں اور احتجاج کی کالز کی رپورٹس کے جواب میں ڈاکٹر فاروق جمیل نے کہا کہ ہم سب ایک ہی مقصد کے لیے یعنی قومی مفاد اور معیشت کے استحکام کے لیے کام کر رہے ہیں، بہتر یہ ہے کہ کاروباری برادری ہم سے رجوع کرے، ہم ساتھ بیٹھیں، امور پر بات چیت کریں اور تمام مسائل کو قانون کے دائرے میں حل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ کی پالیسی سہولت، شفافیت اور تعاون پر مبنی ہے اور یقین دلایا کہ ان لینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کاروباری برادری کے تمام جائز امور کو حل کرنے کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

کے خلاصے کے مطابق، مالی سال 2025-26 کی پہلی سہ ماہی میں کل محصولات 6.2 کھرب روپے (جی ڈی پی کا 4.8 فیصد) رہے جبکہ مجموعی اخراجات 4.1 کھرب روپے (جی ڈی پی کا 3.1 فیصد) تک محدود رہے یوں ملک کے بجٹ میں 1.2 ٹریلین روپے (جی ڈی پی کے 1.6 فیصد) کا سرپلس ریکارڈ کیا گیا۔ پرائمری بیلنس 3.5 ٹریلین روپے (جی ڈی پی کا 2.7 فیصد) کے سرپلس میں رہا۔ کل محصولات 6.1 کھرب روپے میں سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ٹیکس وصولیاں 2.88 کھرب روپے رہیں جبکہ نان ٹیکس وصولیاں 3.046 کھرب روپے ریکارڈ کی گئیں۔ وفاقی نان ٹیکس آمدن میں پبلک سیکٹر اداروں اور دیگر سے مارک اپ 13.3 ارب روپے، منافع (ڈیوڈنڈ) 26.6 ارب روپے، پی ٹی اے اور دیگر ذرائع سے منافع 17.3 ارب روپے، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا سرپلس منافع 2.4 کھرب روپے، دفاعی وصولیاں 6.5 ارب روپے، پاسپورٹ فیس 14.1 ارب روپے، خام تیل پر رعایتی ڈسکاؤنٹ 4.7 ارب روپے، تیل و گیس رائلٹی 22.8 ارب روپے، خام تیل پر ونڈ فال لیوی 9.2 ارب روپے، ایل پی جی پر پیٹرولیم لیوی 81.8 کروڑ روپے، گیس انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ سیس 60.3 کروڑ روپے، نیچرل گیس ڈیولپمنٹ سرچارج 7.9 ارب روپے، پیٹرولیم لیوی 371.6 ارب روپے اور دیگر مدات میں 46.5 ارب روپے شامل ہیں۔ موجودہ اخراجات 4.047 ٹریلین روپے ریکارڈ کیے گئے، جن میں 1.38 ٹریلین روپے سود کی ادائیگیوں کی مد میں شامل ہیں۔ اس میں 1.18 ٹریلین روپے مقامی سود اور 201.2 ارب روپے غیر ملکی قرضوں پر سود کی ادائیگیاں شامل ہیں۔ دیگر اخراجات میں پنشن 672.6 ارب روپے، سول حکومت کے امور چلانے پر 558.8 ارب روپے، دفاع 447.5 ارب روپے، سبسڈیز 119.6 ارب روپے اور مختلف اداروں و منصوبوں کے لیے گرانٹس 319 ارب روپے رہیں۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

پر دستخط کریں گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں بتایا کہ سروس کے آغاز کے لیے انتظامات کو حتمی شکل دینے کی غرض سے ایک اعلیٰ سطح کا عمانی وفد جلد پاکستان کا دورہ کرے گا۔ گوادر عمان فیری سروس کے آغاز سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم میں نمایاں اضافہ ہوگا جب کہ سرمایہ کاری کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ روٹ پاکستانی تارکین وطن کے لیے سفر کو نہ صرف آسان بنائے گا بلکہ سیاحت، ثقافت اور باہمی روابط کو بھی فروغ دے گا)))۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ نئی سمندری راہداریوں کے قیام سے خطے کے دیگر ممالک کو بھی وسط ایشیا کی منڈیوں تک بہتر رسائی ملے گی۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ فیری سروس سے گوادر میں اقتصادی سرگرمیوں کو نئی سمت ملے گی اور بندرگاہ خطے میں تجارتی سرگرمیوں کا نیا مرکز بن کر ابھرے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ منصوبے کی تکمیل سے پاکستان اور عمان کے درمیان معاشی تعاون مزید مضبوط ہوگا۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

منعقد کی جس میں بینکنگ، بروکریج، کارپوریٹ فنانس، سرمایہ کار تعلقات، فنڈ مینجمنٹ، ماحولیاتی، سماجی اور گورننس (ای ایس جی) اور جنس کی بنیاد پر تنوع سمیت مختلف زمروں میں کارکردگی کا اعتراف کیا گیا۔ شفافیت اور معتبر فیصلوں کے لیے ججز میں تجزیہ کار پیشہ ور افراد شامل تھے۔ جمیل احمد نے ملک میں نجی شعبے کی کریڈٹ اور سرمایہ کاری کی ضروریات میں موجود خلا کی طرف بھی اشارہ کیا اور کہا کہ اس خلا کو پورا کرنے کے لیے سرمایہ کاری مارکیٹ کے ڈھانچے اور حکمرانی کو بہتر بنانا، متبادل سرمایہ کاری کے محصولات تیار کرنا، ڈیجیٹل رسائی میں اضافہ اور عوامی اعتماد بڑھانے کے لیے شفافیت کو فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے سی ایف اے سوسائٹی پاکستان کی اخلاقی سرمایہ کاری اور مالیاتی مارکیٹ کی ترقی میں مسلسل کوششوں کو سراہا۔ ورچوئل شرکت کے دوران، سی ایف اے انسٹی ٹیوٹ کے منیجنگ ڈائریکٹر پال موڈی نے کہا کہ سی ایف اے سوسائٹی پاکستان نے اعلیٰ اخلاقی معیار اور پیشہ ورانہ برتری کو فروغ دینے میں انتھک محنت کی ہے اور اس کے اثرات مقامی سرمایہ کاری کی صنعت اور اس سے آگے بھی محسوس کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

بڑی کمپنیاں، مختلف سیکٹرز اور انفرادی ٹیکس دہندگان کے آڈٹ کیے جائیں گے۔ رواں مالی سال 70 سے 80 لاکھ تک گوشوارے آڈٹ کے لیے خودکار اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے اے آئی پراسس میں شامل کیے جا سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مائیکروسافٹ ایکسل کے فلٹرز اور فارمولوں کے ذریعے بھی انکم ٹیکس گوشواروں کی ابتدائی نشاندہی ہوگی جبکہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور دیگر ڈیجیٹلائزیشن ٹولز آڈٹ میں مدد فراہم کریں گے۔ جن کمپنیوں اور سیکٹرز نے انفرادی طور پر ٹیکس جمع کرانے کی شرح گزشتہ ریٹرن کے مقابلے تقریباً 25 فیصد زیادہ رکھی ہوگی انہیں سسٹم خودکار طور پر آڈٹ لسٹ سے خارج کردے گا۔ 25 فیصد سے کم ٹیکس جمع کرانے والے ریٹرنز کا آڈٹ کیا جائے گا۔ جتنے بھی ریٹرنز موصول ہوں گے اُن سب کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا اور گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں کم ٹیکس دینے والے کاروباری گوشوارے آڈٹ کی اولین ترجیح ہوں گے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

ذرائع کے مطابق، گزشتہ 17 سال میں پاکستان کے لیے آئی ایم ایف پروگرام کے تحت سالانہ تقسیم شدہ رقم کل 17.45 ارب ایس ڈی آر رہی۔ اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ 2008-2010 کے تحت حکومت کو 4.94 ارب ایس ڈی آر موصول ہوئے جبکہ ایمرجنسی نیچرل ڈیزاسٹر اسسٹنس ''2010'' کے تحت 297 ملین ایس ڈی آر دیے گئے۔ ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسیلٹی (ای ایف ایف) 2013 کے تحت 4.39 ارب ایس ڈی آر ملے اور اسی پروگرام کے تحت بعد میں 3.04 ارب ایس ڈی آر بھی فراہم کیے گئے۔ ریپڈ فنانسنگ انسٹرومنٹ لون 2020 کے تحت 1.02 ارب ایس ڈی آر فراہم کیے گئے، اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ 2023 کے تحت 2.25 ارب ایس ڈی آر موصول ہوئے جب کہ ای ایف ایف ''2024'' کے تحت 1.52 ارب ایس ڈی آر دے دیے گئے۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

چاہتا ہے اور انہوں نے مجھ سے کہا ہے کہ میں اس پر غور کروں۔ انہوں نے کہا کہ وہ بہت سے F-35 خریدنا چاہتے ہیں اور دراصل وہ اس سے بھی زیادہ لڑاکا طیارے خریدنے کے خواہاں ہیں۔ یہ پیش رفت ایسے وقت سامنے آئی جب ٹرمپ آئندہ ہفتے وائٹ ہاؤس میں سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کی میزبانی کریں گے، جہاں ان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اقتصادی اور دفاعی معاہدوں پر دستخط کریں گے۔ ٹرمپ نے بات چیت کے بارے میں پوچھے جانے پر کہا کہ یہ محض ملاقات نہیں بلکہ سعودی عرب کے ساتھ احترام پر مبنی تعلقات کی عکاسی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں امید ہے کہ سعودی عرب جلد ابراہیم معاہدے میں شامل ہوگا، جس نے اسرائیل اور مسلم اکثریتی ممالک کے تعلقات معمول پر لانے میں مدد دی۔ ریاض نے فلسطینی ریاست کے قیام کے روڈ میپ سے معاہدے کی غیر موجودگی پر اپنی مخالفت ظاہر کی ہے۔ دوسری جانب پینٹاگون کی ایک انٹیلی جنس رپورٹ نے F-35 کے ممکنہ معاہدے پر تشویش ظاہر کی ہے، جس میں خبردار کیا گیا ہے کہ اگر فروخت جاری رہی تو چین طیارے کی جدید ٹیکنالوجی تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

پاور پلانٹ زیر تعمیر ہے، جسے مالی سال 26 کی چوتھی سہ ماہی سے مالی سال 27 کی پہلی سہ ماہی کے درمیان مکمل کرنے کا ہدف ہے۔ منصوبے پر کل 8 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی جائے گی جو کمپنی کی قومی گرڈ پر انحصار کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ کوہاٹ سیمنٹ اپنی سولر جنریشن کی صلاحیت کو 15.3 میگاواٹ سے بڑھا کر 20 میگاواٹ کررہی ہے جس سے کمپنی کے قابل تجدید توانائی کے شعبے میں حصہ بڑھے گا اور گرڈ پر انحصار مزید کم ہوگا۔ پاکستان میں متبادل توانائی کے ذرائع، خاص طور پر سولر، تیزی سے مقبول ہو رہے ہیں اور رہائشی و تجارتی شعبوں میں بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر نیٹ میٹرنگ یونٹس میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق کے الیکٹرک صارفین کو چھوڑ کر، نیٹ میٹرنگ یونٹس ستمبر 2024 میں 70.35 گیگاواٹ آور سے بڑھ کر ستمبر 2025 میں 142.67 گیگاواٹ آور تک پہنچ گئے، یعنی 100 فیصد سے زائد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مالی امور کے حوالے سے، کمپنی کے پاس کافی لیکویڈیٹی موجود ہے اور آئندہ پاور پروجیکٹ کے لیے مالی اعانت 50:50 قرض اور ایکویٹی کے تناسب پر ترتیب دی گئی ہے۔ مالی سال 26 کی پہلی سہ ماہی میں کمپنی نے 2.9 ارب روپے کا منافع حاصل کیا جو پچھلی مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 3.4 ارب روپے تھا۔ اس سے قبل کمپنی نے اپنی مکمل ملکیت والی ذیلی کمپنی، الٹرا پراپرٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے قیام کا اعلان کیا تھا جو اس کے رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں داخلے کی علامت ہے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

چلنے والی منفی مہم کے حوالے سے ایسے وقت میں سامنے آیا جب حکومت پی آئی اے کی نجکاری کے عمل میں مصروف ہے اور رواں سال اپریل میں ایک نیا ایکسپریشن آف انٹرسٹ (ای او آئی) بھی طلب کیا گیا تھا۔ حکومت کی جانب سے دوبارہ فروخت کی یہ کوشش قومی ایئرلائن میں اپنی حصص فروخت کرنے کے عزم کی تجدید ہے۔ ای او آئی جمع کرانے کی آخری تاریخ پہلے 3 جون مقرر کی گئی تھی، تاہم بعد ازاں اسی شرائط وضوابط کے ساتھ اسے 19 جون تک بڑھا دیا گیا۔ قرضوں میں ڈوبی ایئر لائن میں 51 سے 100 فیصد حصہ فروخت کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، تاکہ فنڈز اکٹھے کیے جاسکیں اور نقصان میں چلنے والے سرکاری اداروں کی اصلاح کی جاسکے، جیسا کہ 7 بلین ڈالر کے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ پروگرام کے تحت تصور کیا گیا ہے۔ گزشتہ سال پی آئی اے کو نجی ملکیت میں دینے کی پہلی کوشش میں حکومت ناکام رہی تھی، کیونکہ اسے صرف ایک ہی پیشکش موصول ہوئی تھی جو 300 ملین ڈالر سے زائد کی مطلوبہ قیمت سے بہت کم تھی۔ اپنے ایکس اکاؤنٹ پر جاری بیان میں وزیر ہوابازی نے مزید کہا کہ پروازوں کی حفاظت اور معیار پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ جب پاکستانی اور بین الاقوامی ریگولیٹرز موجود ہیں تو غیر مستند افراد اس حوالے سے قواعد طے نہیں کر سکتے۔ اپنے ایکس اکاؤنٹ پر جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ حکومت قومی پرچم بردار ایئر لائن کو منافع بخش بنانے اور اس کے نیٹ ورک کو وسعت دینے کے لیے ٹیم پی آئی اے کی کوششوں کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پی آئی اے کی پروازیں پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی اور بین الاقوامی حفاظتی معیارات کی مکمل پابندی کے ساتھ جاری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ تین دنوں کے دوران پی آئی اے کی اوسط یومیہ آمدنی 60 کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے، جو کہ باقاعدہ ملکی و بین الاقوامی پروازوں کے شیڈول کو بغیر کسی تعطل کے برقرار رکھتے ہوئے حاصل کی گئی۔ وفاقی وزیر نے بعض حلقوں پر الزام عائد کیا کہ وہ قومی مفادات کو نقصان پہنچانے اور ایئرلائن کی بحالی کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کے لیے گمراہ کن خبریں پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے گزشتہ پانچ برسوں میں پی آئی اے کو دوبارہ پٹری پر لانے کے لیے انتھک محنت کی ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ پی آئی اے باقاعدگی سے ملکی پروازیں اور بین الاقوامی روٹس پر پروازیں جاری رکھے ہوئے ہے، جن میں ٹورنٹو، مانچسٹر، پیرس، سعودی عرب، چین اور مشرق بعید کے مقامات شامل ہیں، جبکہ یورپ اور شمالی امریکہ تک اپنی پروازوں کے نیٹ ورک کو مزید وسعت دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔ پی آئی اے جو پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی کا حصہ ہے نے رواں سال جنوری تا جون کے دوران 11.5 ارب روپے (40.64 ملین ڈالر) کا ٹیکس سے قبل منافع حاصل کیا۔ جبکہ 2024 کی اسی مدت میں اسے ٹیکس سے قبل خسارے کا سامنا تھا اور اس نے صرف مؤخر ٹیکس ایڈجسٹمنٹس کے ذریعے معمولی سالانہ منافع حاصل کیا تھا۔ رواں سال کی پہلی ششماہی میں خالص منافع 6.8 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

ن 2025 تک 9.3 کھرب روپے بڑھ کر 80.5 کھرب روپے ہوگیا جو روزانہ 25.4 ارب روپے کے اضافے کے برابر ہے۔ تاہم وفاقی وزیر نے وضاحت کی کہ ایف آر ڈی ایل اے کے تحت جو سرکاری قرض کی محدود تعریف فراہم کرتا ہے، 8.2 کھرب روپے کا اضافہ ہوا جو روزانہ 22.3 ارب روپے کے برابر ہے۔ نتیجتاً پاکستان کا سرکاری قرض کا جی ڈی پی کے مقابلے میں تناسب مالی سال 2024-25 میں 70.8 فیصد تک پہنچ گیا جو مالی سال 2023-24 میں 67.8 فیصد تھا۔ ایف آر ڈی ایل اے کے تحت یہ تناسب 64.4 فیصد رہا۔ وفاقی وزیر نے بڑھتے ہوئے قرض کے بوجھ کو قابو میں رکھنے کے لیے حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی مالیاتی استحکام کی اقدامات کی تفصیل پیش کی۔ ان اقدامات میں شامل ہیں: دو مسلسل مالی سالوں کے لیے پرائمری سرپلس پیدا کرنا تاکہ خسارہ کی مالی اعانت کم ہو، قرض لینے کی حکمت عملی کو طویل مدتی سیکیورٹیز کی جانب منتقل کرنا تاکہ دوبارہ مالی اعانت کے خطرات کم ہوں۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

سے کوآرڈینیشن کرے گی۔ سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کمیٹی کی کنوینر ہوں گی۔ چیئرمین پی اینڈ ڈی ڈاکٹر نعیم رؤف، ایڈیشنل چیف سیکرٹری وار سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو بھی شامل ہوں گے۔ سیکرٹری انڈسٹریز کمیٹی کے سیکرٹری اور ممبر دونوں کے طور پر نامزد کیے گئے۔ کمیٹی صوبائی سیکٹرل ان پٹس اور تجارتی منصوبوں کی تیاری کرے گی۔ سرمایہ کاری کے لیے ''ریڈی پروپوزلز'' اور پراجیکٹ پائپ لائن تیار کی جائے گی۔ کمیٹی سعودی عرب کے ساتھ سرمایہ کاری سیشنز کیلئے صوبائی ترجیحات فائنل کرے گی۔ بی ٹو بی انٹریکشنز اور انویسٹر ریڈینس کو فروغ دیا جائے گا۔ کمیٹی حکومت پنجاب کو اپنے فیصلوں سے آگاہ رکھے گی۔ کمیٹی سعودی عرب کے ساتھ ''ارلی ہارویسٹ اپر چونیٹیز'' سے فائدہ اٹھانے کیلئے اقدامات کرے گی۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

اعداد و شمار کے مطابق، مالی سال 2024-25 میں سیلز ٹیکس (ڈومیسٹک) کی خالص وصولی 1,619.5 ارب روپے رہی، جو گزشتہ مالی سال کی 1,222.9 ارب روپے کی وصولی کے مقابلے میں 32.4 فیصد کے نمایاں اضافے کی عکاسی کرتی ہے۔ اس طرح گزشتہ سال کے مقابلے میں 396.6 ارب روپے کا اضافی ریونیو حاصل ہوا۔ بجلی کا شعبہ سب سے بڑا حصہ دار بن کر سامنے آیا، جو مجموعی وصولی کا 22.8 فیصد ہے، جس کی بنیادی وجہ بجلی کے ٹیرف میں اضافہ ہے۔ اس کے برعکس، پیٹرولیم مصنوعات کا حصہ گزشتہ مالی سال کے 6.9 فیصد سے کم ہوکر 2.6 فیصد رہ گیا۔ تمام بڑے محصولات پیدا کرنے والی اشیا میں مثبت نمو دیکھی گئی، سوائے سگریٹ اور پیٹرولیم مصنوعات کے جن میں رواں مالی سال میں کمی واقع ہوئی۔ موٹر کاروں پر سیلز ٹیکس (ڈومیسٹک) کی وصولی میں 158.8 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

کمشنر طارق علی خان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے وزیراعظم سے یہاں ملاقات کی۔ ریکوڈک بلوچستان میں واقع ایک وسیع، غیر ترقی یافتہ تانبا اور سونے کا ذخیرہ ہے جسے دنیا کے سب سے بڑے ذخائر میں سے ایک مانا جاتا ہے۔ یہ کینیڈا کی بیریک گولڈ (50 فیصد) اور پاکستانی شراکت داروں (50 فیصد) کے درمیان ایک مشترکہ منصوبہ ہے۔ وزیراعظم نے کینیڈین ہائی کمشنر کو تقرری پر مبارکباد دی اور اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ان کی تعیناتی کے دوران پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے کان کنی اور معدنیات کو باہمی دلچسپی کے اہم شعبے کے طور پر اجاگر کیا۔ مزید برآں وزیراعظم نے کینیڈین قیادت کے لیے خیر سگالی کا پیغام بھی دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کینیڈا کے ساتھ تعلقات کی مزید مضبوطی کا خواہاں ہے۔ وزیر اعظم نے کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں کے کینیڈا کی تعمیر و ترقی میں گرانقدر کردار کو سراہا جو دونوں ممالک کے مابین تعلقات کی مضبوطی کیلئے پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ کینیڈین ہائی کمشنر نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان اور کینیڈا کے دوطرفہ تعلقات بالخصوص زراعت، توانائی، تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، تعلیم اور عوامی تبادلوں کو مزید فروغ دینے کے لیے کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

کی صدارت کرتے ہوئے دی اور اس موقع پر زور دیا کہ پاکستان کے گوشت برآمدات کے شعبے کو مضبوط بنایا جائے اور ملائیشیا کی مارکیٹ میں مسابقتی قیمتوں کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ ایک ورکنگ گروپ تشکیل دیا جائے اور ایک ہفتے کے اندر حتمی رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جائے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے خوراک و سیکیورٹی رانا تنویر حسین اور معاون خصوصی برائے تجارت ہارون اختر خان بھی موجود تھے۔ کمیٹی نے ملائیشیا کو گوشت برآمدات کے لیے حکمت عملی کا جائزہ لیا، خاص طور پر بھینس اور گائے کے گوشت کی لاگت، مسابقت اور سپلائی چین کے انتظامات پر توجہ دی گئی۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

چیمبرز اور پورٹ ٹرمینلز کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد تجارت میں رکاوٹ بننے والے اہم مسائل کا جائزہ لینا تھا۔ ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر آصف سخی اور سابق نائب صدر محمد ارشد جمال نے تاجروں کی جانب سے مختلف اہم مسائل پیش کیے۔ ارشد جمال نے بتایا کہ ناقص پورٹ ٹرمینل کارکردگی کی وجہ سے تاجروں پر 750 ملین ڈالر ماہانہ اضافی بوجھ پڑ رہا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے نمائندوں نے کارگو کی غیر ضروری فزیکل جانچ کو کم کرنے کے لیے بہتر ٹریڈر پروفائلنگ کا مطالبہ کیا، جس میں کارکردگی کی بنیاد پر تاجر کا اندراج شامل ہو۔ انہوں نے فزیکل معائنہ کے بجائے جہاں ممکن ہو اسکیننگ کو لازمی قرار دینے کی بھی سفارش کی، جس سے کلیئرنس کا وقت کم ہوگا۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

ایئر ٹیکسی 320 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے پرواز کر سکتی ہے، جس میں 4 مسافروں کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔ یہ مکمل طور پر ماحول دوست ہے اور عام فضائی گاڑیوں کے مقابلے میں شور بھی نہ ہونے کے برابر پیدا کرتی ہے۔ اماراتی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ 2026 میں ایئر ٹیکسی سروس عوام کے لیے باقاعدہ طور پر شروع کی جائے گی جبکہ شہری علاقوں میں مزید تجرباتی پروازوں کا شیڈول بھی تیار کیا جا رہا ہے۔ اسکائی پورٹس کمپنی دبئی انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب پہلا ایئر ٹیکسی اسٹیشن قائم کررہی ہے۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو بھیجے گئے نوٹس میں ظاہر کی۔ نوٹس میں کہا گیا کہ ہائیجین ریزرز کی غیر معمولی فروخت اور مضبوط طلب موجودہ پیداوار کی گنجائش سے تجاوز کر گئی ہے، جس کے باعث بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس سیکشن کو وسعت دینے کے لیے سرمایہ کاری کی منظوری دی۔ کمپنی کے مطابق یہ سرمایہ کاری بڑھتی ہوئی طلب، بشمول مقامی اور برآمدی، کو پورا کرنے کے ساتھ پیداوار کی کارکردگی بہتر بنانے اور شیئر ہولڈرز کی قدر میں اضافہ کرے گی۔ ٹریٹ کارپوریشن لمیٹڈ 1977 میں پاکستان میں ایک پبلک لسٹڈ کمپنی کے طور پر قائم کی گئی تھی۔ کمپنی ریزرز اور ریزر بلیڈز کی تیاری اور فروخت کے ساتھ دیگر تجارتی سرگرمیوں میں بھی سرگرم ہے۔ اس کے پاس 75 سے زائد ایس کے یوز کی پروڈکٹ رینج موجود ہے۔ جس میں شیونگ ریزرز، باڈی ریزرز اور فیمنین ریزرز شامل ہیں۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

میں کہا کہ اس اقدام کا مقصد پاکستان میں محفوظ اور قانونی وی پی این خدمات کی فراہمی کو منظم بنانا اور قومی قوانین وضوابط کے ساتھ ساتھ ڈیٹا سیکیورٹی کے معیار کی پابندی کو یقینی بنانا ہے۔ اتھارٹی نے متعدد کمپنیوں کو کلاس لائسنس جاری کیے ہیں، جن میں الفا 3 کیوبک (پرائیویٹ) لمیٹڈ (اسٹیر لوسڈ)، زیٹا پائٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ (کریسٹ وی پی این)، ٹیلسیلیم ٹیک (ایس ایم سی-پرائیویٹ) لمیٹڈ (کیسٹرل وی پی این)، یو کے آئی کونک سولیوشنز (ایس ایم سی-پرائیویٹ) لمیٹڈ (ٹوئیکسور وی پی این)، اور وژن ٹیک 360 (پرائیویٹ) لمیٹڈ (کرپٹونائم وی پی این) شامل ہیں۔ اتھارٹی کے مطابق یہ لائسنس یافتہ کمپنیاں افراد اور اداروں کو جائز اور قانونی مقاصد کے لیے وی پی این خدمات فراہم کرنے کی اجازت رکھتی ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اب صارفین آسانی سے ان لائسنس یافتہ فراہم کنندگان سے براہ راست وی پی این خدمات حاصل کر سکتے ہیں، اور انہیں اپنے آئی پی ایڈریسز یا موبائل نمبرز کے لیے پی ٹی اے سے علیحدہ رجسٹریشن کروانے کی ضرورت نہیں۔ یہ اقدام ریگولیٹری سہولت، صارفین کی آسانی، اور پاکستان کے ڈیجیٹل نظام میں سائبر سیکیورٹی کو فروغ دینے کے لیے اٹھایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال پی ٹی اے نے فری لانسرز کو اپنے موبائل نمبرز کے ذریعے وی پی این رجسٹر کرنے کی اجازت دی تھی۔ یہ اقدام اس وقت سامنے آیا جب حکومت نے وی پی این پر پابندی نہ لگانے کا فیصلہ کیا کیونکہ وزارتِ قانون کے مطابق حکومت کے پاس الیکٹرانک کرائمز ایکٹ (پیکا) 2016 کے تحت ایسی پابندی عائد کرنے کا قانونی اختیار نہیں تھا۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

پر کرشنگ آپریشنز شروع کریں بصورتِ دیگر تاخیر کی صورت میں سخت کارروائی کی جائے گی۔ قیمتوں کے کنٹرول اور کموڈیٹیز مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ ذرائع کے مطابق ضلعی انتظامیہ، اسپیشل برانچ اور اینٹی کرپشن ٹیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ شوگر ملز کا دورہ کریں تاکہ حکومتی احکامات پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جاسکے۔ کین کمشنر پنجاب نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے اضلاع میں خصوصی مانیٹرنگ ٹیمیں تشکیل دیں جو کرشنگ آپریشنز کی نگرانی کریں اور کسی بھی تاخیر کی صورت میں براہ راست ان کے دفتر کو رپورٹ کریں۔ ڈپٹی کمشنرز کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں خود کین کمشنر کو مطلع کریں گے۔ حکومت نے ملز کے لیے واضح ڈیڈلائن مقرر کی ہے، اور ضلعی مانیٹرنگ ٹیمیں 15 نومبر سے موقع پر موجود رہیں گی تاکہ 2025-26 کے کرشنگ سیزن کے احکامات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے۔ واضح رہے کہ حکومتی ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والوں کو تین سال تک قید یا کم از کم دس لاکھ روپے یومیہ جرمانے کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ کین کمشنر پنجاب نے واضح پیغام دیا ہے کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی

بقیہ 24 تجارت نیوز

ڈی بی) اور صنعتی تنظیموں کے نئے اعداد و شمار کے مطابق استعمال شدہ درآمد گاڑیوں کا مارکیٹ شیئر 2020 سے 2023 کے دوران اوسطاً 7.5 فیصد سے بڑھ کر 2025 میں 20 فیصد تک پہنچ گیا ہے۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹو موٹو پارٹس اینڈ ایکسسریز مینوفیکچررز (پاپام) کا اندازہ ہے کہ مقامی سپلائرز کو مقامی طور پر تیار کردہ پرزوں کی طلب میں کمی کے باعث سالانہ 48 سے 60 ارب روپے تک کا نقصان ہو رہا ہے۔ صنعتی ذرائع نے خبردار کیا ہے کہ اگر موجودہ پالیسیاں برقرار رہیں تو استعمال شدہ درآمد گاڑیوں کا یہ حصہ 50 فیصد تک پہنچ سکتا ہے۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

سیٹلائٹ ڈیٹا اور سرمایہ کاری سے متعلق سفارشات شامل ہوں۔ یہ کمیٹی ہر پندرہ روز بعد اجلاس کرے گی، تاکہ منصوبے کی رفتار برقرار رہے۔ کمیٹی میں پورٹ قاسم اتھارٹی، کراچی پورٹ ٹرسٹ، گوادر پورٹ اتھارٹی، وزارتِ بحری امور، انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کونسل، سروئیر جنرل آف پاکستان، ہائیڈروگرافر آف پاکستان اور صوبہ سندھ و بلوچستان کی نمائندگی شامل ہے۔ کمیٹی کا مینڈیٹ ساحلی پٹی کے مختلف مقامات کا تکنیکی و ماحولیاتی جائزہ لینا، مواصلاتی رابطوں، صنعتی امکانات، زمین کی دستیابی، سیکیورٹی عوامل اور تجارتی راہداریوں کا تجزیہ کرنا ہے، تاکہ بندرگاہوں کے لیے موزوں ترین مقامات تجویز کیے جاسکیں۔ پاکستان کا ساحل 1,024 کلومیٹر طویل ہے اور اس کا اقتصادی زون تقریباً 2.4 لاکھ مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پورٹ قاسم 65 فیصد، کراچی پورٹ 52 فیصد جبکہ گوادر پورٹ صرف 5 تا 10 فیصد استعداد پر کام کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق 2035 سے 2045 کے دوران یہ بندرگاہیں مکمل گنجائش تک پہنچ جائیں گی، اس لیے افغانستان، وسطی ایشیا، خلیجی و افریقی تجارتی بہاؤ کے پیش نظر نئی گہری بندرگاہوں کا قیام ناگزیر ہے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

شفافیت بڑھانے کی کوششیں حوصلہ افزا نتائج دے رہی ہیں۔ ان کے مطابق جاری اصلاحات سے ابھرنے والے مثبت رجحانات ظاہر کرتے ہیں کہ حکومت کی پالیسی سمت درست ہے۔ اجلاس کو بریفنگ دینے والے حکام نے بتایا کہ رواں سال کے آغاز میں متعارف کرائے گئے ٹیرف میں کمی کے باوجود ریاستی محصولات میں کسی طرح کی کمی نہیں آئی، برخلاف اُن خدشات کے جو بعض اسٹیک ہولڈرز نے ظاہر کیے تھے۔ اس کے برعکس، درآمدات پر ڈیوٹی اور ٹیکس وصولی میں 25 فیصد اضافہ ہوا، حالانکہ قابل ڈیوٹی اشیا کا حجم صرف 3.6 فیصد بڑھا تھا۔ حکام نے کہا کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کم ٹیرف کے باوجود محصولات کی نمو مضبوط رہی، اور اصلاحات نظام میں موجود بگاڑ دور کرنے میں مددگار ثابت ہورہی ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اسی عرصے کے دوران ڈیوٹی فری درآمدات میں 41.5 فیصد اضافہ ہوا، جس کا بڑا حصہ خام مال اور انٹرمیڈیٹ گڈز پر مشتمل تھا جو صنعتوں میں استعمال ہوتی ہیں۔ حکام نے کہا کہ یہ رجحان صنعتی سرگرمیوں میں بہتری کی نشاندہی کرتا ہے اور حکومت کے اس ہدف سے مطابقت رکھتا ہے کہ پیداواری لاگت کم کی جائے تاکہ برآمدی صنعتوں کو تقویت ملے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ٹیرف ڈھانچے کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ ضروری صنعتی خام مال کی درآمد کی حوصلہ افزائی ہو اور غیر ضروری اور زیادہ استعمال والی درآمدات کو محدود کیا جائے۔ ان کے مطابق مقصد یہ ہے کہ ملکی صنعت کو زیادہ مسابقتی بنایا جائے اور سرمایہ کاری میں اضافہ کے لیے سازگار حالات پیدا کیے جائیں۔ اجلاس کے دوران وزیراعظم نے مالیات اور محصولات سے متعلق حکام کو ہدایت کی کہ اصلاحاتی عمل میں مزید تیزی لائی جائے اور اُن شعبوں میں نفاذ کے نظام کو مضبوط بنایا جائے جہاں تاریخی طور پر پیداوار کی کم رپورٹنگ کی جاتی رہی ہے۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

پر سرزنش کی ہے۔ وزارت خزانہ نے خبردار کیا ہے کہ آئندہ کسی بھی بعد از عمل منظوری پر غور نہیں کیا جائے گا۔ محکمہ خزانہ نے سخت الفاظ میں جاری کیے گئے نوٹس میں واضح کیا کہ کئی ادارے مقررہ ضوابط کو نظرانداز کررہے ہیں اور اکتوبر 2001 میں جاری کی گئی واضح ہدایات کے باوجود، ہائرنگ کیسز صرف آڈٹ کے اعتراضات کے بعد ہی جمع کروار ہے ہیں۔ اس کے علاوہ، محکمہ نے نوٹ کیا کہ ایسے کئی مواقع بھی سامنے آئے ہیں جہاں وزارتیں نجی فریقوں کے ساتھ کرایہ داری کے معاہدے کر رہی ہیں، جو ہاؤسنگ اینڈ ورکرز کی وزارت کے مقرر کردہ کرایہ سے زیادہ ہیں، اور اس کے لیے محکمہ خزانہ کی ریگولیشن ونگ سے ضروری پیشگی منظوری حاصل نہیں کی گئی۔ یہ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ وزارتیں/ڈویژنز/محکمے/تنظیمیں ان ہدایات کی مکمل طور پر پابندی نہیں کررہیں۔ ایسے کئی معاملات محکمہ خزانہ کے علم میں آئے ہیں جن میں سابقہ منظوری کی درخواستیں آڈٹ اعتراضات کے بعد بھیجی گئی ہیں، جو کہ مذکورہ نوٹس میں جاری کیے گئے محکمہ خزانہ کے ہدایات کی صریح خلاف ورزی ہیلیھذا، وزارتوں، ڈویژنوں اور محکموں پر ایک بار پھر زور دیا جاتا ہے کہ وہ دفتری رہائش کے لیے کرایہ پر لینے کے طریقہ کار پر سختی سے عمل کریں اور کسی بھی نجی فریق کے ساتھ ایسے کرایہ داری معاہدے کرنے سے باز رہیں جن میں وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کی طرف سے اجازت یافتہ اور جاری کردہ شرحوں سے زیادہ کرائے شامل ہوں۔ وزارت خزانہ کے ریگولیشن ونگ سے پیشگی منظوری حاصل کرنا لازمی ہے۔ مستقبل میں، ایسے کرایہ داری معاہدوں کے لیے وزارت خزانہ کی طرف سے بعد از عمل منظوری ہرگز نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

توسیع کا آغاز ہے۔ اس لسٹڈ کمپنی، جو فرسٹ کیپٹل گروپ کا حصہ ہے اور مختلف کاروباری شعبوں میں سرگرم عمل ہے، نے یہ پیش رفت پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کے ساتھ شیئر کی ہے۔ بورڈ نے دبئی میں ایک ذیلی کمپنی کے قیام کی بھی منظوری دی تاکہ اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے اقدامات کیے جاسکیں۔ پیس ایک پبلک لمیٹڈ کمپنی ہے جس کا قیام پاکستان میں 1995 میں ہوا۔ کمپنی مختلف اقسام کی جائیداد جیسے کہ ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، کنڈومینیمز، سپر مارکیٹس، شاپنگ پلازہ، ہاؤسنگ سوسائٹیز، یوٹیلیٹی اسٹورز اور پلاٹس کے قیام، خرید و فروخت اور انتظام کے شعبوں میں سرگرم ہے۔ کمپنی پاکستان کے اندر اور بیرون ملک تجارتی، صنعتی اور دیگر متعلقہ سرگرمیاں بھی انجام دیتی ہے۔ حالیہ مہینوں میں متعدد پاکستانی کمپنیوں نے متحدہ عرب امارات، خاص طور پر دبئی میں اپنے آپریشنز کو وسعت دی ہے۔ جولائی میں، زرایا لمیٹڈ، پاکستان کے بڑے بی ٹو بی پلیٹ فارمز میں سے ایک، نے دبئی میں مکمل ملکیتی ذیلی کمپنی قائم کی۔ جون میں، اسماعیل انڈسٹریز لمیٹڈ نے ابوظہبی میں ذیلی کمپنی قائم کرنے کے اپنے منصوبے کا اعلان کیا۔ ٹریٹ کارپوریشن لمیٹڈ نے بھی دبئی میں مکمل ملکیتی ذیلی کمپنی ٹریٹ ٹریڈنگ ایل ایل سی قائم کی۔ ماہرین کے مطابق، متحدہ عرب امارات میں دفتر قائم کرنے سے پاکستانی کمپنیوں کو عالمی حب کے فوائد حاصل ہوتے ہیں، جہاں مناسب انفراسٹرکچر، قانونی فریم ورک اور سہل کاروباری ماحول موجود ہے۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

اسلام آباد میں انٹر پارلیمانی اسپیکرز کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ ہماری کوششیں اس یقین پر مبنی ہیں کہ کوئی قوم تنہا خوشحال نہیں ہوسکتی اور ہماری تقدیریں ایک دوسرے سے مستحکم انداز میں جڑی ہوئی ہیں۔ پاکستان عالمی رابطے اور کثیر الجہتی تعلقات میں یقین رکھتا ہے۔ وزیراعظم نے دنیا سے اپیل کی کہ وہ امن کے فروغ، پائیدار ترقی کی تکمیل اور اجتماعی تحفظ کو مضبوط بنانے میں متحد ہو۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ اقوام مشترکہ کوششوں سے ایسا عالمی ماحول قائم کرسکتی ہیں جس کی بنیاد پائیدار امن اور مشترکہ خوشحالی ہو۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے امن کا علمبردار رہا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ امن اور سلامتی قومی اور علاقائی ترقی کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ امن کی اہمیت اُس وقت سب سے زیادہ محسوس ہوتی ہے جب دنیا میں جاری تنازعات سامنے آئیں۔ پاکستان نے بھی براہ راست اور بالواسطہ اس طرح کے بحرانوں کا سامنا کیا، لیکن ہم امن قائم رکھنے کے اپنے عزم میں مستقل مزاج رہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

کی وجہ مارکیٹ کے غیر موزوں حالات بتائے گئے ہیں۔ کمپنی نے یہ اطلاع پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو جاری نوٹس میں دی۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ کمپنی کے دو اسپننگ یونٹ ہیں جو نوری آباد، سندھ اور بھکی پنجاب میں واقع ہیں، غیر موزوں مارکیٹ حالات کے باعث انتظامیہ نے ان میں سے نوری آباد یونٹ کی عارضی بندش کا فیصلہ کیا ہے۔ کمپنی نے واضح کیا کہ بھکی یونٹ معمول کے مطابق کام کر رہا ہے، اور عام آپریشنز بحال کرنے اور منافع کو دوبارہ قائم کرنے کے لیے مختلف حکمت عملی کے متبادل زیر غور ہیں۔ کریسنٹ فائبرز لمیٹڈ کو پاکستان میں 1977 میں ایک پبلک لمیٹڈ کمپنی کے طور پر قائم کیا گیا تھا اور یہ کمپنی دھاگے (یارن) کی تیاری اور فروخت میں مصروف ہے۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

بات چیت جاری ہے اور ابھی تک کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔ اگر یہ منصوبہ عملی شکل اختیار کرتا ہے تو اس سے 2019 میں رینڈ گولڈ کے ساتھ بیرک کے انضمام کی واپسی ہوگی اور سابق سی ای او مارک بریسٹو کے دور میں شامل کیے گئے بعض اثاثے کمپنی کے دائرہ کار سے نکل جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق کمپنی کی شمالی امریکہ پر توجہ، جس میں نیواڈا میں واقع فورمائل کی بڑی مگر غیر ترقی یافتہ سونے کی کان بھی شامل ہے، اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ممکنہ ٹیک اوور کی صورت میں بیرک کی قیمت کم نہ لگائی جائے۔ فورمائل کان کی ٹیسٹ پروڈکشن 2029 تک شروع نہیں ہوگی۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

یہ اقدام اس بین الاقوامی کنونشن کے تحت کیا جا رہا ہے، جس پر تمام علاقائی ممالک نے دستخط کر رکھے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ازبکستان فوری ضرورت کے سامان کو فضائی راستے سے لے جائے گا جبکہ باقی کارگو چین کے ذریعے منتقل ہوگا۔ افغانستان اپنی برآمدات کے لیے ہمسایہ ممالک پر سمندری بندرگاہوں تک رسائی کے لیے انحصار کرتا ہے، سرحدوں کی بندش نے افغان برآمد کنندگان خصوصاً کسانوں کے لیے شدید مشکلات پیدا کردی ہیں جو اپنی آمدنی کے لیے پھل اور سبزیاں پاکستان اور دیگر علاقائی منڈیوں میں فروخت کرتے ہیں۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

تک بڑھا کر 29.381 ارب ڈالر تک پہنچانا ہے۔ یہ ہدف نیشنل ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ بورڈ کے تحت متعارف کردہ اُڑان پاکستان اور میک ان پاکستان اقدامات سے ہم آہنگ رکھا گیا ہے۔ مسودے میں ہر سال کیلئے برآمدی اہداف تجویز کیے گئے ہیں، جن کے مطابق 2025-26 میں ہدف 19.370 ارب ڈالر، 2026-27 میں 21.420 ارب ڈالر، 2027-28 میں 23.740 ارب ڈالر، 2028-29 میں 26.710 ارب ڈالر اور آخری سال 2029-30 میں 29.381 ارب ڈالر رکھا گیا ہے۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

17 تھنڈر طیاروں نے شاہی طیارے کو اسلام آباد تک حفاظتی حصار فراہم کیا۔ وفاقی وزرا، خاتون اوّل بی بی آصفہ بھٹو زرداری اور چیرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ شاہ عبداللہ دوم کا دورہ دوطرفہ تعلقات کو نئی اسٹریٹجک جہت دے گا۔ صدر زرداری نے مزید کہا کہ پاکستان اور اردن کے تعلقات باہمی اعتماد اور مشترکہ اقدار کی بنیاد پر قائم ہیں

بقیہ 35 تجارت نیوز

ایکس) کو جاری کردہ ایک نوٹس میں یہ اطلاع دی۔ نوٹس کے مطابق انتظامیہ نے ہنگامی اقدامات شروع کر دیے ہیں تاکہ موسم میں اچانک تبدیلی کے باعث ہونے والے نقصان کو روکا جاسکے جس سے نہایت آتش گیر اور قیمتی کیمیکلز کے اخراج کا خطرہ پیدا ہوگیا تھا۔ ستارہ پرآکسائیڈ کے مطابق کمپنی اپنے تمام وسائل حفاظتی اقدامات پر مرکوز کررہی ہے اور تمام فریقین کو اس بارے میں آگاہ کر رہی ہے۔ پلانٹ اور مشینری، ملازمین اور ماحول کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تمام حفاظتی، ہنگامی اور ماحولیاتی ردعمل کے پروٹوکول مکمل طور پر فعال کر دیے گئے ہیں۔ ستارہ پرآکسائیڈ لمیٹڈ کو کمپنیز آرڈیننس 1984 کے تحت پاکستان میں ایک پبلک لمیٹڈ کمپنی کے طور پر رجسٹر کیا گیا۔ کمپنی کی بنیادی سرگرمی ہائیڈروجن پرآکسائیڈ (H?O?) اور ستارہ سیف (جراثیم کش محلول) کی تیاری اور فروخت ہے۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

سیلز ٹیکس فوری واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ صنعتی ذرائع کے مطابق بجلی اور گیس کے نرخوں میں مسلسل اضافے نے بڑی ٹیکسٹائل ملوں کو پیداواری سرگرمیاں بند کرنے پر مجبور کردیا ہے، جبکہ چھوٹی اور درمیانی صنعتیں شدید مالی دباؤ میں ہیں۔ توانائی کی بڑھتی ہوئی لاگت نے ٹیکسٹائل شعبے کو بحران کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ کپاس کی پیداوار میں بھی کمی اور معیار میں گراوٹ کے باعث رواں سیزن میں مجموعی پیداوار کم رہنے کا خدشہ ہے، جس سے ٹیکسٹائل انڈسٹری کے مسائل مزید بڑھ سکتے ہیں۔ پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن ذرائع کے مطابق 31 اکتوبر تک کپاس کی پیداوار 44 لاکھ 37 ہزار گانٹھ رہی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں تین فیصد کم ہے۔ مجموعی پیداوار کا تخمینہ 55 لاکھ گانٹھ لگایا جارہا ہے، جس کے باعث درآمدات میں اضافہ اور قیمتی زرمبادلہ کے اخراجات بڑھنے کا امکان ہے۔ سندھ اور پنجاب میں کپاس کی قیمت 14 ہزار 500 سے 15 ہزار 500 روپے فی من جبکہ پھٹی 6 ہزار 500 سے 8 ہزار 200 روپے فی 40 کلو فروخت ہورہی ہے۔ بلوچستان میں کپاس کی قیمت 15 ہزار 300 سے 16 ہزار روپے فی من کے درمیان ہے۔ جبکہ کراچی کاٹن ایسوسی ایشن نے اسپاٹ ریٹ 15 ہزار روپے فی من برقرار رکھا ہے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

یونٹس میں 28.1 فیصد اضافہ ہوا جو اگست میں پیدا شدہ 111.4 گیگاواٹ آور کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ ملک کی مجموعی بجلی کی پیداوار میں نیٹ میٹرنگ کا حصہ بھی بڑھتا ہوا دیکھا گیا ہے جہاں یہ ستمبر 2024 میں مجموعی پیداوار کا صرف 0.6 فیصد تھا، یہ حصہ ستمبر 2025 تک 1.1 فیصد تک پہنچ گیا جو تقریباً دوگنا ہے۔ ذرائع کے مطابق ستمبر 2025 میں نیٹ میٹرنگ کا کل پیداوار میں حصہ سالانہ 57 بیس پوائنٹس بڑھا، جو سولر توانائی کے بڑھتے ہوئے استعمال اور گرڈ پر کم انحصار کی عکاسی کرتا ہے۔ اعداد و شمار کے تجزیے کے دوران نوٹ کیا گیا کہ نیٹ میٹرنگ کا سب سے زیادہ حصہ اپریل 2025 میں ریکارڈ کیا گیا جب نیٹ میٹرنگ یونٹس 307.8 گیگاواٹ آور تک پہنچ گئے جو مجموعی پیداوار کا 2.9 فیصد بنتے ہیں۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ جیسے جیسے مزید گھریلو اور کاروباری صارفین روف ٹاپ سولر سلوشنز اپناتے ہیں، نیٹ میٹرنگ بتدریج پاکستان کی بجلی کے مجموعی نظام کا ایک اہم جزو بنتی جارہی ہے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق گیس غائب رہنے کی وجہ سے مہنگائی کے اس دور میں انھیں تین وقت کا کھانا بازار سے خرید کر کھانا پڑتا ہے۔ جس سے ان کی صحت اور بجٹ دونوں ہی شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ تو دوسری جانب اپنی ملازمتوں پر جانے والے افراد سمیت اسکول و کالج میں زیر تعلیم طلبہ وطالبات کو شدید دشواری کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں نے وزیر اعلی سندھ مراد علی شاہ اور میئر کراچی مرتضی وہاب سے مطالبہ کیا ہے کہ گذر آباد اور رنچھوڑ لائن سمیت ملحقہ علاقوں میں گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ وسیع کر دیا جائے گا

بقیہ 39 تجارت نیوز

کنٹرول کمپیوٹر (ایف سی سی) کی خرابی کی وجہ سے ریمپ پر واپس لوٹ گئی، جو اس سے قبل دبئی جانے والی پرواز میں بھی سامنے آئی تھی۔ دبئی کی پرواز کے بعد طیارے کو کم از کم آلات کی فہرست (ایم ای ایل) کے مطابق ایئر ورتھی قرار دے کر سروس کے لیے منظور کیا گیا تھا تاہم دوبارہ خرابی سامنے آنے پر کپتان نے پرواز منسوخ کردی اور طیارہ زمین پر ہی رہا۔ مزید پیچیدگی اس وقت پیدا ہوئی جب اسلام آباد کے انجینیئرنگ مرکز میں فلائٹ کنٹرول کمپیوٹر کے لیے کوئی متبادل پرزہ دستیاب نہیں تھا۔ طیارے کی مرمت کے لیے کراچی میں موجود طیارے سے پرزہ نکال کر اسلام آباد بھیجا گیا تاکہ صبح کی پرواز پی کے-300 میں اسے نصب کیا جاسکے۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

منافع کے ساتھ ایشیا میں سرفہرست ہے۔ بلومبرگ نے بتایا کہ پاکستان پچھلے دو سال کی بنسبت اب عالمی قرض مارکیٹ میں واپسی کے لیے تیار ہے۔ ایس اینڈ پی گلوبل اور فچ ریٹنگز نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ اپ گریڈ کی، جس سے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو تقویت ملی۔ اگلے 6 سے 12 ماہ میں عالمی ریٹنگ میں بہتری اور عالمی مارکیٹ تک رسائی پاکستان کی معاشی بحالی کے محرکات میں شامل ہیں۔ ادارے نے یہ بھی بتایا کہ حکومت کی مؤثر معاشی اصلاحات اور کاوشوں سے عالمی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بحال ہونا قابل ستائش ہے۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

کردار ادا کر رہا ہے۔ جی سی ایل آئی کے جدید سائنسی بنیادوں پر مویشیوں کی صحت، خوراک اور افزائش نسل کے عملی اقدامات جاری ہیں۔ سال 2024 میں جی سی ایل آئی کے تحت برازیل سے اعلیٰ نسل کے مویشیوں کی کھیپ پاکستان پہنچنے پر بے حد پذیرائی ملی تھی۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت نے اس اہم منصوبے میں سرمایہ کاری اور بین الاقوامی پارٹنرشپ کو ممکن بنایا۔ یہ اقدام نیشنل ہرڈ ٹرانسفارمیشن کے تحت لائیو اسٹاک سیکٹر کے معیار کو عالمی سطح تک پہنچانے میں مثبت کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

کے پہلے جائزے کا احاطہ کرتی ہے۔ گزشتہ ماہ آئی ایم ایف ٹیم نے واشنگٹن ڈی سی میں پاکستانی حکام کے ساتھ اسٹاف لیول ایگریمنٹ (ایس ایل اے) پر دستخط کیے تھے۔ یہ ایس ایل اے، ای ایف ایف کے تحت معیشت کے دوسرے جائزے کے بعد طے پایا۔ آئی ایم ایف بورڈ کی منظوری کے بعد پاکستان کو ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلیٹی (ای ایف ایف) کے تحت 1 بلین ڈالر (ایس ڈی آر 760 ملین) اور ریزیلیئنس اینڈ سسٹین ایبلیٹی فنڈ (آر ایس ایف) کے تحت تقریباً 200 ملین ڈالر (ایس ڈی آر 154 ملین) کی رقم حاصل ہوگی جس سے دونوں انتظامات کے تحت اب تک کل ادائیگیاں تقریباً 3.3 بلین ڈالر ہو جائیں گی۔ اس سے قبل وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا تھا کہ آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ دسمبر کے ابتدائی دنوں میں پاکستان کے لیے اگلی قسط کی منظوری دے گا۔ محمد اورنگزیب نے دی فیوچر سمٹ کے نویں ایڈیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ توقع ہے کہ آئی ایم ایف دسمبر کے اوائل تک اگلی قسط کی منظوری دے دے گا۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

اس کی 48 گھنٹوں کی فیومیگیشن کی جاتی ہے تاکہ روئی میں موجود جراثیم، حشرات اور کیڑوں کا خاتمہ ممکن ہو۔ لیکن کچھ عرصہ قبل متعلقہ وفاقی وزارت نے درآمدی روئی کی دونوں ملکوں کی بجائے کسی ایک ملک میں فیومیگیشن کی اجازت دیدی تھی، تاکہ درآمدی روئی کم سے کم وقت میں ٹیکسٹائل ملوں میں پہنچ سکے۔ ذرائع نے بتایا کہ دو امریکی روئی برآمدی ایجنسیوں ''نیشنل کاٹن کونسل'' اور ''کاٹن کونسل انٹرنیشنل'' نے اپٹا کے ذریعے متعلقہ وفاقی وزارت سے اپیل کی ہے کہ امریکا سے درآمد ہونیوالی روئی پر فیومیگیشن کی شرط مکمل ختم کی جائے، شرط کے خاتمے کا مقصد امریکی روئی کی درآمدات بڑھانا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستانی حکام کو امریکی شرط تسلیم کرنے سے گریز کرنا چاہیے تاکہ پاکستان امریکی کیڑوں سے محفوظ رہ سکیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل کپاس کی دو خطرناک سنڈیاں امریکی و گلابی جبکہ گندم کا لال بیگ امریکا سے درآمد ہونیوالی روئی اور گندم کی فیومیگیشن نہ ہونے کے باعث ہی پاکستان میں فعال ہوئی تھیں۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ پاکستانی کاٹن انڈسٹری پر ہوشربا ٹیکسوں، مہنگی بجلی و گیس ٹیرف اور زائد شرح سود جیسے عوامل سے پیداواری لاگت میں غیر معمولی اضافہ ہوچکا ہے، جس کے باعث جننگ فیکٹریاں، آئل ملز اور ٹیکسٹائل ملیں غیر فعال ہوتی جارہی ہیں۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

سے واپس لیتے ہوئے بجلی کی قیمت 7.6 روپے فی یونٹ کم کرتے ہوئے 32.37 روپے کر دی ہے جو کہ پہلے 39.97 روپے تھی۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

اہداف کے مطابق یہ منصوبہ پاکستان کے معاشی استحکام میں اہم کردار ادا کرے گا۔ منصوبہ کی کامیابی دیگر غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بھی پاکستان کے معدنی اور صنعتی شعبہ جات کی جانب راغب کرے گی۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے سی پیک منصوبہ بلوچستان اور ملکی معیشت کیلئے گیم چینجر ثابت ہوگا۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

سال 2024-25 کے اعداد و شمار کے مطابق، گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں کسٹمز ڈیوٹی کی وصولی میں نمایاں بہتری دیکھی گئی۔ رپورٹ کے مطابق، مالی سال 2024-25 کے دوران خالص وصولی 1,284.6 ارب روپے رہی، جو گزشتہ مالی سال کی 1,104.1 ارب روپے کی وصولی کے مقابلے میں 16.4 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہے۔ رواں مالی سال میں کسٹمز ڈیوٹی ایف بی آر کی مجموعی محصولات میں تقریباً 10.9 فیصد کی شراکت دار رہی۔ سال کے لیے مقرر کردہ ہدف کا 95.2 فیصد حاصل کیا گیا۔ پیٹرولیم، آئل اور لبریکنٹس (پی او ایل) کا شعبہ کسٹمز ڈیوٹی کی وصولی میں سب سے بڑا حصہ دار رہا، جو مجموعی وصولی کا 22.7 فیصد ہے، تاہم اس شعبے میں مالی سال 2024-25 کے دوران 9.1 فیصد منفی نمو ریکارڈ کی گئی۔ گاڑیوں کا شعبہ دوسرا بڑا حصہ دار رہا، جس کا حصہ 13.4 فیصد تھا، اور اس نے مجموعی وصولی میں 41.1 فیصد اضافے کا نمایاں کردار ادا کیا۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

)، پی پی ایل (30 فیصد ورکنگ انٹرسٹ)، پی پی ایل یورپ ای اینڈ پی لمیٹڈ (10 فیصد ورکنگ انٹرسٹ)، پرائم اے ای پی لمیٹڈ (30 فیصد ورکنگ انٹرسٹ) اور گورنمنٹ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (5 فیصد ورکنگ انٹرسٹ) شامل ہیں۔ نوٹس میں بتایا گیا کہ کنویں کی کھدائی 16 ستمبر 2024 کو شروع کی گئی اور اسے کامیابی کے ساتھ 14,017 فٹ میٹرڈ ڈیپتھ تک کھودا گیا۔ کنویں کا بنیادی مقصد لوئر گورو فارمیشن (A-انٹرویل سینڈز) کی ہائیڈروکاربن صلاحیت کا جائزہ لینا اور اس کی جانچ کرنا تھا۔ وائرلائن لاگ اور ڈرلنگ کے نتائج کی بنیاد پر پوسٹ کمپلیشن ٹیسٹنگ A-سینڈ کے شناخت شدہ پرامسنگ انٹرویلس میں کی گئی جس سے تقریباً 0.30 ایم ایم ایس سی ایف ڈی کی شرح سے گیس حاصل ہوئی۔ پی پی ایل کے مطابق یہ ساون علاقے میں اپنے نوعیت کا پہلا کنواں ہے جو خصوصی سیکوینس اسٹریٹیگرافک (ٹراپ) انداز جائزہ استعمال کرتے ہوئے کھودا گیا۔ نوٹس میں کہا گیا کہ اس جدید طریقہ کار کے نتیجے میں ہائیڈروکاربن کی دریافت کامیابی سے ہوئی جس سے بنیادی جیولوجیکل تصور کی تصدیق ہوئی اور ساون کے علاقے میں نئے تلاش کے افق کھل گئے ہیں۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

جانب سے گیس نرخوں میں مسلسل اضافے اور سپلائی میں کمی نے صورتحال کو مزید خراب کر دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک بھر کی 40 فیصد چھوٹی صنعتیں کم پریشر اور غیر یقینی فراہمی سے متاثر ہیں جبکہ سندھ میں سیکڑوں صنعتی یونٹ جزوی طور پر بند ہو چکے ہیں۔ اس سے برآمدات متاثر اور ہزاروں روزگار خطرے میں ہیں۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

ہے۔ یہ پیش رفت پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) نے جو گمبٹ ساؤتھ بلاک کا آپریٹر ہے پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کو ایک نوٹس میں بتائی۔ پی پی ایل کا اس بلاک میں 65 فیصد ورکنگ انٹرسٹ ہے جبکہ اس کے شراکت دار گورنمنٹ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (جی ایچ پی ایل) اور ایشیا ریسورسز آئل لمیٹڈ (اے آر او ایل) کے بالترتیب 25 فیصد اور 10 فیصد ورکنگ انٹرسٹ ہیں۔ جی پی ایف ٹو پلانٹ کو ابتدائی طور پر 2016 میں 50 ایم ایم ایس سی ایف ڈی خام گیس (جس میں 26 فیصد کاربن ڈائی آکسائیڈ شامل ہے) کی ڈیزائن صلاحیت کے ساتھ شروع کیا گیا تھا۔

کراچی: نیشنل فارماسٹیٹ ہولڈرز ڈائیلاگ میں شرکاء کا گروپ فوٹو

پنجاب میں تمام شوگر ملز 15 نومبر سے کرشنگ سیزن کا آغاز کریں گی

ضلعی انتظامیہ، اسپیشل برانچ اور اینٹی کرپشن ٹیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ شوگر ملز کا دورہ کریں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں گنے کے کرشنگ سیزن کے آغاز کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے تحت صوبے کی تمام شوگر ملز 15 نومبر 2025 سے کرشنگ سیزن کا آغاز کریں گی۔ حکومتِ پنجاب نے شوگر ملز کو ہدایت دی ہے کہ وہ مقررہ وقت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

پاکستان کی مقامی آٹو انڈسٹری درآمد شدہ گاڑیوں میں اضافے پر تشویش کا شکار

استعمال شدہ درآمد گاڑیوں کا مارکیٹ شیئر 7.5 فیصد سے بڑھ کر 2025 میں 20 فیصد تک پہنچ گیا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی مقامی آٹو انڈسٹری درآمد شدہ پرانی اور استعمال شدہ گاڑیوں میں اضافے پر بڑھتی ہوئی تشویش کا شکار ہے جو مقامی پیداوار، روزگار اور ملک کے مالیاتی ضوابط کے نظام کو سنگین خطرات سے دوچار کر سکتا ہے۔ انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ (ای (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

بن قاسم پارک تباہ حالی کا شکار ہے، کئی درخت کاٹ دیے گئے جبکہ گھاس بھی غائب ہے

نئے ڈیپ سی پورٹس کی نشاندہی کے لیے کمیٹی تشکیل

پاکستان کا ساحل 1,024 کلومیٹر طویل ہے اور اس کا اقتصادی زون تقریباً 2.4 لاکھ مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے

پورٹ قاسم 65 فیصد، کراچی پورٹ 52 فیصد جبکہ گوادر پورٹ صرف 5 تا 10 فیصد استعداد پر کام کر رہے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر سمندری امور محمد جنید انور چوہدری نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کے ساحلی علاقوں میں نئی گہری سمندری بندرگاہوں کے قیام کے لیے اعلیٰ سطح پر کثیر ادارہ جاتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ یہ اقدام اُن کے ہنڈریڈ ایئرز وژن 2147–2047 کا حصہ ہے، جو انہوں نے حال ہی میں نیشنل میری ٹائم ویک کی افتتاحی تقریب میں پیش کیا تھا۔ وفاقی وزیر کے مطابق 12 رکنی کمیٹی آئندہ ہفتے اپنا پہلا اجلاس منعقد کرے گی، جس میں وہ خود شرکت کریں گے۔ کمیٹی کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ تین ماہ میں تفصیلی فزیبلٹی رپورٹ پیش کرے جس میں تکنیکی نتائج، ہائیڈروگرافک نقشے، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

وزیراعظم کی ٹیکس چوری کے خلاف کارروائی سخت کرنے کی ہدایت

حکام نے بتایا کہ رواں سال کے آغاز میں متعارف کرائے گئے ٹیرف میں کمی کے باوجود ریاستی محصولات میں کسی طرح کی کمی نہیں آئی

درآمدات پر ڈیوٹی اور ٹیکس وصولی میں 25 فیصد اضافہ ہوا، حالانکہ قابلِ ڈیوٹی اشیا کا حجم صرف 3.6 فیصد بڑھا تھا، حکام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے متعلقہ حکام کو ٹیکس چوری کے خلاف کارروائی تیز کرنے اور محصولات کی وصولی میں پائے جانے والے خلا دور کرنے کی ہدایت کی، خصوصاً تمباکو اور ٹائلز جیسے شعبوں میں، جن کے بارے میں حکام کا کہنا ہے کہ یہ اب بھی ٹیکس نظام میں نمایاں خسارے کا باعث بنتے ہیں۔ ٹیکس اور لیوی اصلاحات کے حوالے سے ہونے والے ہفتہ وار جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ابتدائی اشارے معاشی سرگرمیوں میں بہتری کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے نوٹ کیا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جدید کاری اور ٹیکس انتظامیہ میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

کریسنٹ فائبرز لمیٹڈ نے نوری آباد میں اسپننگ یونٹ کی بندش کا اعلان کر دیا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کریسنٹ فائبرز لمیٹڈ (سی ایف ایل) نے سندھ کے نوری آباد میں اپنے اسپننگ یونٹ کی عارضی بنیاد پر بندش کا اعلان کر دیا ہے جس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

پاکستان بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے ساتھ فعال طور پر کام کر رہا ہے

پاکستان ہمیشہ بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے امن کا علمبردار رہا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ فعال طور پر کام کر رہا ہے، تاکہ مالی اصلاحات، ماحولیاتی مزاحمت اور سرمایہ کاری کے فروغ کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی پانچ سالہ پالیسی کا مسودہ تیار

نئی پالیسی کا بنیادی ہدف ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات کو 29.381 ارب ڈالر تک پہنچانا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت تجارت نے ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی پانچ سالہ (2025-30) پالیسی کا مسودہ تیار کر لیا ہے، جسے جلد اقتصادی رابطہ کمیٹی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق حتمی منظوری سے قبل وزارت تجارت نے فیصلہ کیا ہے کہ بین الوزارتی اجلاس میں دیگر متعلقہ محکموں سے مشاورت کی جائے تاکہ اُن کے تحفظات اور تجاویز کو بھی پالیسی میں شامل کیا جا سکے۔ رپورٹ کے مطابق نئی پالیسی کا بنیادی ہدف ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات کو 2029-30 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

پاکستانی کمپنی پیس نے دبئی کی رئیل اسٹیٹ مارکیٹ میں قدم رکھ دیا

بورڈ نے دبئی میں ایک ذیلی کمپنی کے قیام کی بھی منظوری دی تاکہ اس منصوبے کو عملی جامعہ پہنانے کے اقدامات کیے جا سکیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی کمپنی پیس پی اے سی ای) نے اعلان کیا ہے کہ اس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے دبئی، متحدہ عرب امارات میں ایک پلاٹ خریدنے اور وہاں تجارتی منصوبے کی ترقی کے لیے منظوری دے دی ہے، جو کمپنی کی بین الاقوامی رئیل اسٹیٹ مارکیٹ میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

سرکاری دفاتر کیلئے نجی جائیدادیں کرائے پر لینے میں قواعد کی خلاف ورزی پر وزارت خزانہ کی جانب سے سرزنش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خزانہ نے وفاقی وزارتوں اور ڈویژنوں کو سرکاری دفاتر کے لیے نجی عمارتیں کرائے پر لینے کے دوران بار بار قواعد کی خلاف ورزی کرنے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

بیرک مائننگ کو دو الگ اداروں میں تقسیم کرنے پر غور

ممکنہ تقسیم میں بیرک کے افریقی اثاثوں کے ساتھ ساتھ پاکستان میں واقع ریکوڈِک کان کی فروخت بھی شامل ہو سکتی ہے

عبوری سی ای او مارک ہل نے کہا کہ کمپنی قیاس آرائیوں پر تبصرہ نہیں کرتی ذرائع کا کہنا ہے کہ بات چیت جاری ہے اور ابھی تک کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کینیڈا کی بیرک مائننگ کے بورڈ نے کمپنی کو دو الگ اداروں میں تقسیم کرنے پر غور کرنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ جن میں سے ایک شمالی امریکہ پر توجہ مرکوز کرے گا اور دوسرا افریقہ اور ایشیا کے اثاثوں پر۔ یہ خبر میڈیا کو کمپنی کے معاملات سے واقف کار ذرائع نے دی۔ ذرائع کے مطابق ممکنہ تقسیم میں بیرک کے افریقی اثاثوں کے ساتھ ساتھ پاکستان میں واقع ریکوڈک کان کی فروخت بھی شامل ہو سکتی ہے، بشرطیکہ منصوبے کے لیے مطلوبہ فنانسنگ حاصل کر لی جائے۔ جبکہ مالی میں کمپنی کی جانب سے اثاثہ فروخت کرنے سے قبل فوجی حکومت کے ساتھ جاری تنازعہ حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ بیرک کے ترجمان نے فوری طور پر تبصرہ نہیں کیا جبکہ عبوری سی ای او مارک ہل نے کہا کہ کمپنی قیاس آرائیوں پر تبصرہ نہیں کرتی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

حیدرآباد: پٹاخوں کے گودام میں دھماکے کے بعد فائر بریگیڈ کا عملہ آگ بجھا رہا ہے

گمبٹ ساؤتھ میں پی پی ایل کی گیس پیداوار اور ایل پی جی آؤٹ پٹ میں اضافہ

تقریباً 5 ایم ایس سی ایف ڈی گیس، 35 بیرل یومیہ کنڈینسیٹ اور ایک میٹرک ٹن ایل پی جی کی اضافی پیداوار ممکن ہوئی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گمبٹ ساؤتھ گیس پروسیسنگ فیسلٹی (جی پی ایف ٹو) سانگھڑ سندھ نے بہتر انتظام کے ذریعے اپنی گیس پروسیسنگ کی صلاحیت 55 ایم ایم ایس سی ایف ڈی سے بڑھا کر 60 ایم ایم ایس سی ایف ڈی کر لی گئی ہے، جس کے نتیجے میں اضافی 5 ایم ایم ایس سی ایف ڈی گیس، 35 بیرل کنڈینسیٹ اور ایک ٹن مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) پیدا کی جا رہی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

حیدرآباد چیمبر کا شدید گیس بحران پر تشویش کا اظہار

سردیوں کے آغاز ہی میں گیس کے دباؤ اور فراہمی میں کمی سے صنعتی پیداوار بری طرح متاثر ہو رہی ہے

حیدرآباد (کامرس رپورٹر) حیدرآباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹری کے صدر محمد سلیم میمن نے صنعتوں اور گھریلو صارفین کو درپیش شدید گیس بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردیوں کے آغاز کے ساتھ ہی گیس کے دباؤ اور فراہمی میں کمی سے صنعتی پیداوار بری طرح متاثر ہو رہی ہے جبکہ گھریلو صارفین بھی شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 40 فیصد چھوٹی صنعتیں متاثر جب کہ برآمدی شعبہ دباؤ میں ہے۔ سلیم میمن کے مطابق اوگرا کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

اولڈسٹی ایریا کے مکین گیس کی طویل بندش کے خلاف کراچی پریس کلب پر احتجاج کر رہے ہیں

پٹرولیم، آئل اور لبریکنٹس کا شعبہ کسٹمز ڈیوٹی کی وصولی میں سب سے بڑا حصے دار رہا

گاڑیوں کا شعبہ دوسرا بڑا حصہ دار رہا، مجموعی وصولی میں 41.1 فیصد اضافے کا نمایاں کردار ادا کیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مالی سال 2024-25 کے دوران پیٹرولیم، آئل اور لبریکنٹس (پی او ایل) کا شعبہ کسٹمز ڈیوٹی کی وصولی میں سب سے بڑا حصہ دار رہا، جو درآمدی پیٹرولیم مصنوعات پر انحصار کی بلند سطح کو ظاہر کرتا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مالی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

پاکستان کاٹن پاور لومز ایسوسی ایشن نے یارن کی خریداری پر ٹائر ڈیکس واپس لینے کا مطالبہ کر دیا

اعداد و شمار کے مطابق ماہانہ بنیادوں پر بہتری کے آثار کے باوجود سالانہ لحاظ سے برآمدات میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک کی کاٹن مارکیٹ میں حالیہ دنوں میں استحکام دیکھا گیا ہے تاہم کاروباری سرگرمیاں محدود رہیں۔ ٹیکسٹائل برآمدات کے اعداد و شمار کے مطابق ماہانہ بنیادوں پر بہتری کے آثار کے باوجود سالانہ لحاظ سے برآمدات میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق آل پاکستان کاٹن پاور لومز ایسوسی ایشن نے حکومت سے مقامی یارن کی خریداری پر عائد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

نیٹ میٹرنگ سے بجلی کی پیداوار ستمبر میں 100 فیصد سے زائد بڑھ گئی

ماہانہ نیٹ میٹرنگ یونٹس میں 28.1 فیصد اضافہ ہوا جو اگست میں پیدا شدہ 111.4 گیگا واٹ آور کے مقابلے میں زیادہ ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کا قابل تجدید توانائی کا شعبہ آہستہ آہستہ ترقی کر رہا ہے، جس کی عکاسی گزشتہ ایک سال کے دوران نیٹ میٹرنگ جنریشن کے رجحانات سے ہوتی ہے۔ حالیہ اعداد و شمار کے مطابق کے الیکٹرک کے صارفین کو چھوڑ کر، نیٹ میٹرنگ یونٹس میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا، جو ستمبر 2024 میں 70.35 گیگا واٹ آور سے بڑھ کر ستمبر 2025 تک 142.67 گیگا واٹ آور ہو گئے جو کہ 100 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق ماہانہ نیٹ میٹرنگ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال ماہانہ ڈیولپمنٹ اپڈیٹ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں سنہری دور کا آغاز، سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو رہا ہے

پاکستان میں ڈالر بانڈز کی قدر میں اضافہ جاری رہنے کا امکان ہے، بلومبرگ رپورٹ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) تفصیلات کے مطابق عالمی جریدہ بلومبرگ نے پاکستان کی معیشت اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی کا اعلان کر دیا ہے۔ عالمی جریدہ بلومبرگ کے مطابق پاکستان میں ڈالر بانڈز کی قدر میں اضافہ جاری رہنے کا امکان ہے جبکہ رواں سال 24.5 فیصد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

رنچھوڑ لائن اور گذدر آباد میں گیس کی بندش سے ہزاروں علاقہ مکین شدید متاثر

بلوں کی ادائیگی کے باوجود بجلی کے ساتھ گیس کی طویل بندش اور پریشر میں کمی کے باعث ان کی زندگیاں دہرے عذاب میں مبتلا ہو چکی ہیں

مہنگائی کے اس دور میں انھیں تین وقت کا کھانا بازار سے خرید کر کھانا پڑتا ہے، جس سے صحت اور بجٹ دونوں ہی شدید متاثر ہو رہے ہیں

کراچی (کامرس رپورٹر) اولڈ سٹی ایریا کے مختلف علاقوں میں گیس کی بندش اور پریشر میں کمی کے باعث علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ پریشان حال خواتین و بچوں سمیت متاثرین نے بڑی تعداد میں کراچی پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ اولڈ سٹی ایریا کا شمار کراچی کے قدیمی اور اہم ترین علاقوں میں کیا جاتا ہے۔ تاہم گذدر آباد اور رنچھوڑ لائن سمیت ملحقہ علاقوں کے ہزاروں مکین آج بھی بنیادی سہولیات سے مکمل طور پر محروم ہیں جبکہ بلوں کی ادائیگی کے ساتھ گیس کی طویل بندش اور پریشر میں کمی کے باعث ان کی زندگیاں دہرے عذاب میں مبتلا ہو چکی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کا خیبر پور میں ہائیڈروکاربن کی دریافت کا اعلان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) نے سندھ کے ضلع خیرپور میں اپنے کنویں ساون نارتھ ڈیپ-1 ایس ٹی-1 (1-ST 1-SND) سے ہائیڈروکاربن ذخائر دریافت کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ پیشرفت پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو جاری کردہ نوٹس میں شیئر کی گئی۔ نوٹس کے مطابق یہ دریافت ساون جوائنٹ وینچر کے تحت کی گئی، جس میں پی پی ایل آپریٹر، 25 فیصد ورکنگ انٹرسٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

او جی ڈی سی ایل نے پسنی 14 کنویں سے پیداوار کے آغاز کا اعلان کر دیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ای اینڈ پی منٹی کی جانب سے اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کو جاری کردہ ایک نوٹس کے مطابق او جی ڈی سی ایل کو یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ اس کے نئے کنویں سے تیل کی پیداوار کا آغاز ہو گیا ہے، جس سے یومیہ 1,100 بیرل تیل حاصل ہو رہا ہے۔ یہ کنواں ضلع حیدرآباد میں واقع ہے اور پسنی و پسنی نارتھ ڈیولپمنٹ اینڈ پروڈکشن لیز (ڈی اینڈ پی ایل) کا حصہ ہے۔

پی آئی اے، متعدد پروازوں کی منسوخی و تاخیر سے مسافر پریشان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کو کواس وقت شدید عوامی تنقید کا سامنا کرنا پڑا جب اس کے ایئر بس اے 320 طیارے میں مسلسل وہی تکنیکی خرابی سامنے آ گئی، جس سے مسافر پھنس گئے اور قومی کیریئر کے مینجمنٹ معیار پر سنگین سوالات اٹھ گئے۔ اطلاعات کے مطابق، رجسٹرڈ طیارہ اے پی-بی ایل ایس، اسلام آباد سے لاہور جانے والی پرواز پی کے-233 کی پرواز کی تیاری کے دوران فلائٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

امریکی اداروں نے روئی کی فیومیگیشن شرط ختم کرنے کا مطالبہ کر دیا

برآمدی ملک میں فیومیگیشن کے بعد کراچی کی بندرگاہ پر بھی اس کی 48 گھنٹوں کی فیومیگیشن کی جاتی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں سال امریکا کی نسبت برازیلین روئی سستی ہونے کے باعث مقامی ٹیکسٹائل ملوں کی جانب سے برازیل سے سوئچ پیمانے پر روئی کی درآمدات کے باعث امریکی اداروں نے اپنی روئی کی برآمدات بڑھانے کیلئے پاکستانی حکام سے امریکی روئی کی بندرگاہ پر ''فیومیگیشن'' کی شرط ختم کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ باخبر ذرائع کے مطابق گذشتہ کئی دہائیوں سے پاکستان میں درآمد ہونیوالی روئی کی متعلقہ برآمدی ملک میں فیومیگیشن کے بعد کراچی کی بندرگاہ پر بھی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

پاکستان 8 دسمبر کے آئی ایف ایگزیکٹو بورڈ ایجنڈے میں شامل

ایگزیکٹو بورڈ اگلے 1.2 بلین ڈالر کی قسط کی حتمی منظوری پر غور کرے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی ویب سائٹ کے مطابق پاکستان کو 08 دسمبر 2025 کو اپنے ایگزیکٹو بورڈ کے ایجنڈے میں شامل کر لیا گیا ہے۔ ایگزیکٹو بورڈ اگلے 1.2 بلین ڈالر کی قسط کی حتمی منظوری پر غور کرے گا جو ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی (ای ایف ایف) کے دوسرے جائزے اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلیٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

info@tijaratnews.tv

0307-0610770

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے بلوچستان کی خوشحالی کی بنیاد رکھ دی گئی ہے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اطلاعات کے مطابق بلوچستان میں معدنیات کی جدید بنیادوں پر پراسیسنگ کیلئے پاک چین مشترکہ منصوبے کا آغاز کیا گیا ہے۔ سی پیک کے تحت چینی کمپنی گوانگ ڈونگ ہنڈر اور سانجرانی مائننگ کمپنی کے مابین معدنی ترقیاتی منصوبہ کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ معدنیات کی بہتر اور موثر پروسیسنگ سے پیداوار کی مقدار اور معیار دونوں میں اضافہ ہو گا جبکہ سی پیک کے ترقیاتی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

کے الیکٹرک تباہی کے دہانے پر سالانہ 100 ارب روپے خسارے کا اندیشہ

غیر ملکی سرمایہ کاروں نے بین الاقوامی ثالثی پر غور شروع کر دیا اور تجزیہ کاروں نے خبردار کیا ہے کہ کبھی منافع بخش سمجھی جانے والی یوٹیلٹی شدید نقصان میں جا سکتی ہے

تقسیم کار کمپنیز کا قومی اوسط ٹیرف 28 روپے فی یونٹ کے مقابلے میں کے الیکٹرک کے سابقہ ٹیرف سے تقریباً 40 فیصد زیادہ تھا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گزشتہ دنوں میں کے الیکٹرک کے شیئرز کی قیمتیں گر گئیں ہیں جبکہ غیر ملکی سرمایہ کاروں نے بین الاقوامی ثالثی پر غور شروع کر دیا اور تجزیہ کاروں نے خبردار کیا ہے کہ کبھی منافع بخش سمجھی جانے والی یوٹیلٹی شدید نقصان میں جا سکتی ہے، جس سے نہ صرف کراچی کو بجلی کی فراہمی متاثر ہو سکتی ہے بلکہ ممکنہ طور پر حکومت کے نجکاری منصوبے بھی خطرے میں پڑ سکتے ہیں۔ اس دھچکے کی وجہ کے الیکٹرک کے کئی سالہ ٹیرف میں اچانک کٹوتی ہے۔ گزشتہ دنوں نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے دو سال سے زائد مشاورت اور سماعتوں کے بعد متی میں کیے گئے اپنے فیصلے کو مؤثر طریقے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

لاہور: سرکلر روڈ پر تاریخی موچی دروازہ گراؤنڈ کی جگہ پر زیر مین پارکنگ پلازہ کی تعمیر کیلئے کھدائی کا کام جاری ہے

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا